E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | صوبہ پختونخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار | A.B.C CERTIFIED
The Daily SHAMAL ABBOTTABAD
روزنامہ شمال ایبٹ آباد
بیاد نیاز پاشا جدون
فون نمبر 0992-385577
جلد نمبر 37 | ہفتہ 03 رمضان المبارک 1447ھ 21 فروری 2026ء 2083ب | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 01

ٹانڈہ دو گروپوں میں فائرنگ راہگیر جاں بحق ایک کمسن بچہ زخمی

مانسہرہ (چیف رپورٹر + نمائندہ شمال) ڈھوڈیال (کرائمز رپورٹر) تھانہ بفہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)
مانسہرہ (سٹی رپورٹر + چیف کرائم رپورٹر) ٹانڈہ دو گروپوں کے درمیان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)
شنکیاری (بیورو چیف) تھانہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

ایبٹ آباد یونیورسٹی ملازمین کے GP فنڈ کے غیر قانونی استعمال کا انکشاف

یونیورسٹی کا پیسہ T D R انوسٹمنٹ کی مد میں بنکوں کو دیا جاتا ہے، دو کروڑ روپیہ غیر قانونی طور پر نیشنل بنک سے نکال کر خوشحالی بنک میں ڈال دیا گیا، اگر یہ رقم انوسٹمنٹ کمیٹی کے ذریعے انوسٹ کیئے جاتے تو یونیورسٹی کو فائدہ پہنچتا

ایبٹ آباد (نامہ نگار) ایبٹ آباد یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ملازمین کے جی پی فنڈ کے غیر قانونی استعمال کا انکشاف۔ دو کروڑ روپیہ غیر قانونی طور پر نیشنل بنک سے نکال کر خوشحالی بنک میں ڈال دیا گیا۔ 29 دسمبر 2025 کو نیشنل بنک آف پاکستان کے یونیورسٹی جی پی فنڈز اکاونٹ نمبر 3139753568 سے دو کروڑ روپیہ غیر قانونی طور پر خوشحالی بنک میں ڈال دیا گیا۔ ذرائع کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی، نامہ نگار) ایبٹ آباد یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ملازمین کے جی پی فنڈ کے غیر قانونی استعمال کا انکشاف۔ دو کروڑ روپیہ غیر قانونی طور پر نیشنل بنک سے نکال کر خوشحالی بنک میں ڈال دیا گیا۔ 29 دسمبر 2025 کو (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم رمضان پیکیج کے تحت ڈیجیٹل ادائیگی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایڈیشنل اے سی مظہر محمود کا سبزی و فروٹ منڈی کا دورہ

مختلف آڑھتیوں اور دکانداروں سے ملاقات، سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کی ہدایت

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) مانسہرہ ایڈیشنل اے سی مظہر محمود کا سبزی و فروٹ منڈی کا دورہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) مانسہرہ میں سبزی و فروٹ منڈی کا دورہ، سرکاری نرخوں پر عملدرآمد (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

تازہ ترین خبروں اور SHAMAL E Paper کیلئے وزٹ کیجئے
dailyshamal.com.pk

وزیر اعلیٰ کے رمضان ریلیف پیکیج میں بیوروکریسی کی خرد برد کی تیاری

بیوروکریسی عوام الناس کو دیوار کیساتھ لگانے سے باز رہے بار بار رسٹوں میں تبدیلی کا ڈرامہ کرکے غریب عوام کو کے پی رمضان پیکج سے محروم نہ کیا جائے

شنکیاری (بیورو چیف) وزیر اعلیٰ کی رمضان ریلیف پیکج میں بیوروکریسی کی خرد برد کی تیاری چوہدری شاہولی گزشتہ سال ماہ رمضان میں بھی وزیر اعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور کے رمضان پیکج ریلیف پیکج میں بیوروکریسی خرد برد کے چکر میں متحرک ہو چکی ہے ہر دو گھنٹہ بعد بیوروکریسی کی طرف سے اس ماہ رمضان کے پیکج کی لسٹیں تیار کروائی گئیں پھر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

جہیز کیش نمبر پر ڈیپوزٹ کے چکر میں سادہ لوح عوام کیساتھ کھلواڑ کیا گیا بیوروکریسی مانسہرہ کی جانب سے عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا گیا اس بار پھر وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کے رمضان

شنکیاری کارکھائی میں جاگری 1 جان بحق شدید زخمی

وحید اور شمس الرحمٰن نامی نوجوان شدید زخمی ہوگئے زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال پہنچانے کی کوشش کی گئی جن میں ایک بھائی عبدالوحید راستے میں ہی دم توڑ گیا زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گیا

مانسہرہ (چیف رپورٹر) + ڈھوڈیال (کرائمز رپورٹر) شنکیاری، کار بے قابو ہو کر کھائی میں جاگری، شنکیاری کا رہائشی ڈرائیور وحید ولد صالحین جاں بحق، جبکہ ساتھی شمس الرحمٰن شدید زخمی، (تھانہ بفہ کی حدود کوٹلی بالا میں ایک افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا، جہاں تیز رفتار کار بے قابو ہو کر گہری کھائی میں جاگری۔ حادثے کے نتیجے میں نوجوان ڈرائیور موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا جبکہ اس کا ساتھی شمس شدید زخمی ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والے نوجوان کا تعلق شنکیاری سے بتایا جاتا ہے۔ اطلاع ملنے پر مقامی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

شنکیاری (بیورو چیف) شنکیاری محلہ حافظ آباد کے رہائشی دو نوجوانوں کی گاڑی کو حادثہ ایک بھائی جاں بحق دوسرا شدید زخمی ہو گیا ذرائع کے مطابق گزشتہ روز شنکیاری کے رہائشی دو سگے بھائی فوتگی پر جا رہے تھے کہ کوٹلی بالا کے مقام پر گاڑی کو حادثہ جس کے نتیجے میں وحید اور شمس الرحمٰن نامی نوجوان شدید زخمی ہو گئے زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

ضلعی انتظامیہ ایبٹ آباد کا گراں نفروشی کے خلاف کریک ڈاؤن

10 دکانوں کے چالان کیے گئے، 12 دکانیں سیل کی گئیں، پانچ تاجر گرفتار کر لئے گئے

ایبٹ آباد (ہیڈ آفس) ضلعی انتظامیہ ایبٹ آباد کا گراں نفروشی کے خلاف کریک ڈاؤن، متعدد دکانیں سیل کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 273 دکانوں اور ہوٹلوں کا معائنہ کیا گیا، 10 دکانوں کے چالان کیے گئے، 12 دکانیں سیل کی گئیں جبکہ 05 افراد کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کیا گیا ایبٹ آباد: رمضان المبارک کے دوران شہریوں کو اشیائے خوردونوش سرکاری ریٹ لسٹ کے مطابق فراہم کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری ہیں۔ ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے ضلع بھر کے مختلف بازاروں، دکانوں اور ہوٹلوں کا معائنہ کیا اور گرانفروشی کے مرتکب عناصر کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی۔ کارروائیوں کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

عباس ارشد قتل پر ضلع انتظامیہ کی پانچ روزہ خاموشی سوالات اٹھنے لگے

بلا امتیاز کارروائی کے دعووں پر سوالیہ نشان لگا دیئے، ناحق قتل پر نہ تو ڈی پی او کا غصہ نظر آیا اور نہ ہی اس ایس ایچ او کی کوئی معافی نامہ آیا

پھلڑہ (نمائندہ شمال) عباس ارشد قتل پر ضلع انتظامیہ کی پانچ روزہ خاموشی نے بہت سارے سوالات کو جنم دے دیا ممتاز سوشل ورکر رجب علی آزاد نے کہا ہیکہ آج ضلع مانسہرہ میں قانون کی بالادستی کا ڈھول تو خوب پیٹا جا رہا ہے، لیکن حالیہ واقعات نے ڈی پی او مانسہرہ کے بلاامتیاز کارروائی کے دعووں پر سوالیہ نشان لگا دیے ہیں۔ گزشتہ روز تناول جرگہ میں ریاستی اداروں کے خلاف مبینہ بیان بازی پر ابرار تنولی سے نہ صرف معذرت کروائی گئی بلکہ ان کی ویڈیو بھی پولیس کے آفیشل پیج سے منظرِ عام پر لائی گئی۔ ضلعی پولیس انتظامیہ کا موقف ہے کہ امنِ عامہ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا اور اداروں کے خلاف اکسانے والوں سے سختی سے نمٹا جائے گا۔ عوامی حلقوں میں اس وقت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

ٹانڈہ میں قتل ہونیوالا راہگیر شخص

شنکیاری کارہائشی جاں بحق ہونیوالا ڈرائیور محمد صالحین

مانسہرہ، معمولی تکرار پر زخمی ہونیوالا نوجوان

اوگی میں انتظامیہ امور کی غیر معیاری اشیاء کے خلاف سخت کارروائی

متعدد دکانداروں کو جرمانے عائد کر دیئے اور آئندہ خلاف ورزی پر جیل بھیجنے کی وارننگ دی گئی

اوگی (نامہ نگار) اوگی میں رمضان المبارک کے پیش نظر گراں فروشی غیر معیاری اشیائے خوردونوش کی فروخت کے خلاف انتظامیہ نے سخت کارروائی کرتے ہوئے متعدد دکانداروں کو جرمانے عائد کر دیئے اور آئندہ خلاف ورزی پر جیل بھیجنے کی وارننگ جاری کر دی۔ صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ کے ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر اوگی محمد علی اور تحصیلدار محمد ریاض نے اوگی اور دربند سمیت مختلف بازاروں کا اچانک دورہ کیا جہاں سبزی، فروٹ، کریانہ، پکوڑا، سموسہ، کباب، قصائی اور دیگر دکانوں پر اشیا کے معیار، مقدار اور سرکاری نرخ ناموں کی جانچ پڑتال کی گئی۔ کارروائی کے دوران غیر معیاری اشیا کی فروخت، ناجائز منافع خوری اور نرخ نامے آویزاں نہ کرنے پر کئی دکانداروں کو موقع پر جرمانہ کیا گیا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

ڈی سی سرمد سلیم اکرم کا شہر میں قائم شکایات سیل کا دورہ

موقع پر موجود عملے سے ملاقات، شکایات رجسٹر اور دیگر ریکارڈ کا معائنہ بھی کیا

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) سرمد سلیم اکرم نے رمضان المبارک کے بابرکت مہینے کے دوران شہر میں قائم پرائس مانیٹرنگ ڈیسک اور شکایات سیل کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر انہوں نے ڈیسک پر موجود عملے سے ملاقات کی، شکایات رجسٹر اور دیگر ریکارڈ کا معائنہ کیا اور موصول ہونے والی شکایات پر عملدرآمد کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح ہدایات جاری کیں کہ شہریوں کی جانب سے درج کرائی گئی شکایات پر فوری اور مؤثر کارروائی عمل میں لائی جائے اور اشیائے خوردونوش کی فروخت سرکاری ریٹ لسٹ کے مطابق (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

شہزادی نوشاد گیلانی کا لائسنس برانچ ٹاؤن شپ مانسہرہ کا تفصیلی دورہ

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ایس ایس پی ٹریفک مانسہرہ شہزادی نوشاد گیلانی نے لائسنس برانچ ٹاؤن شپ مانسہرہ کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہفتہ وار ڈرائیونگ ٹیسٹ کے انعقاد کیا۔ دورے کے دوران ایس ایس پی ٹریفک نے امیدواروں سے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

عوامی خدمت ہی ہماری سیاست کا محور اور مقصد ہے، سردار محمد ریاض

مرتے دم تک عوام کے جائز حقوق کے دفاع کا مشن جاری رکھیں گے، ایم پی اے کوہستان

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) عوامی خدمت ہی میرا مشن ہے، سردار محمد ریاض ایم پی اے کوہستان، تفصیلات کے مطابق ایم پی اے سردار محمد ریاض نے کہا ہے کہ عوامی خدمت ہی ان کی سیاست کا محور اور مقصد ہے، اور وہ مرتے دم تک عوام کے جائز حقوق کے دفاع کا مشن جاری رکھیں گے۔ میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے ایم پی اے کوئی پالس کوہستان سردار محمد ریاض کا کہنا تھا کہ ان کے دفتر کے دروازے ہر عام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

انتہائی کمسن لائیل واجد خان نے پہلا روزہ رکھا

مانسہرہ (سٹی رپورٹر + چیف کرائم رپورٹر) رمضان مبارک کے اس بابرکت اور مبارک ماہ میں۔ چھوٹی سی عمر میں لائیل واجد خان نے آج پہلا روزہ رکھا، دعا ہے اللہ پاک تمام روزے داروں کے روزے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

ایبٹ آباد حویلیاں میں قصابوں نے عوام کی چمڑی ادھیڑ کر رکھ دی

100 روپے سرکاری نرخ کی بجائے عوام الناس کو 14 سو اور سولہ سو روپے کی فی کلو گوشت دیا جا رہا ہے، سرکاری نرخنامہ کی دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں

حویلیاں (نمائندہ شمال) حویلیاں قصابوں نے عوام کی چمڑی ادھیڑ کر رکھ دی 1000 روپے سرکاری نرخ کی بجائے عوام الناس کو 14 سو اور سولہ سو روپے کی فی کلو گوشت دیا جا رہا ہے اسسٹنٹ کمشنر حویلیاں کی جانب سے چلان ہونے کے باوجود ان قصابوں نے مذید نرخ بڑھانے کا اعلان شہری حلقوں نے ڈی سی ایبٹ آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ان بیلگام گھوڑوں کو مستقل نکیل ڈالیں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)

ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر کمران علی شاہ ماہ رمضان المبارک کے دوران ضلع ایبٹ آباد کے مختلف بازاروں کے دورے کے موقع پر عوامی شکایات کا ازالہ کر رہے ہیں

مانسہرہ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر ریونیو مظہر محمد سبزی منڈی دورہ کے موقع پر نیلامی کے عمل کی نگرانی کرتے ہوئے

کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد کی تجاوزات خاتمے کیلئے مہم کا آغاز

مہم کا مقصد غیر قانونی قبضے ختم کر کے شہریوں کے لیے آمد و رفت میں آسانی پیدا کرنا ہے

ایبٹ آباد (ہیڈ آفس) کینٹونمنٹ بورڈ ایبٹ آباد نے شہر کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے اور رہائشیوں کو خوشگوار ماحول فراہم کرنے کے لیے ایک وسیع پیمانے پر "کینٹ کلین لیس اینڈ اپ لفٹنگ ڈرائیو" اور تجاوزات کے خلاف بھرپور کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ اس خصوصی مہم کا مقصد کینٹ کی سڑکوں کی مرمت و سجاوٹ، نکاسی آب کے نظام کی بہتری اور فٹ پاتھوں سے غیر قانونی قبضے ختم کر کے شہریوں کے لیے آمد و رفت میں آسانی پیدا کرنا ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر (CEO) جناب عمر معصوم وزیر نے کہا: "ہمارا اولین مشن اپنے معزز رہائشیوں کو زندگی گزارنے کے بہترین (بقیہ صفحہ 3 نمبر 19)

ڈی سی اور ڈی پی او ہریپور کی افسران و جوان کے ساتھ افطاری

شاہ مقصود انٹرچینج چیک پوسٹ پہ افطاری پولیس افسران و جوانوں کی حوصلہ افزائی کے لئے کی گئی

ہریپور (نمائندہ شمال) ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور اور ڈپٹی کمشنر ہری پور محمد وسیم نے کی شاہ مقصود انٹرچینج چیک پوسٹ پر افسران و جوانوں کے ساتھ افطاری۔ ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ گنڈاپور اور ڈپٹی کمشنر ہری پور محمد وسیم نے افطاری کے اوقات میں ڈیوٹی سرانجام دینے والے پولیس افسران و جوان کی حوصلہ افزائی کی لیے رمضان المبارک کی دوسری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 20)

ڈی سی کا رمضان المبارک کے دوران بٹگرام بازار کا تفصیلی دورہ

اشیاء ریٹ لسٹوں کی دستیابی اور سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کی ہدایت

بٹگرام (ھلال یوسفزئی) صوبائی حکومت کی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر بٹگرام اشتیاق احمد نے انتظامیہ افسران کے ہمراہ رمضان المبارک کے دوران بٹگرام بازار کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر پرائس مانیٹرنگ ڈیسک کا معائنہ کیا گیا اور وہاں موصول ہونے والی عوامی شکایات کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے بازار میں مختلف دکانوں کا معائنہ کرتے ہوئے اشیائے خوردونوش کی قیمتوں، ریٹ لسٹوں کی دستیابی اور سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے دکانداروں کو سختی سے تاکید کی کہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 21)

مانسہرہ، لائیل واجد خان نے 5 سال کی عمر میں پہلا روزہ رکھا

ڈپٹی کمشنر اشتیاق احمد اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سہیل نے ضلعی بٹگرام کے مختلف بازاروں کا دورہ کیا

عوام کو سستے آٹے کی مد میں انتہائی مضر صحت چوکھر نما آٹا کھلایا جا رہا ہے

شہری مختلف جلدی امراض میں مبتلا ہو کر سخت پریشان، کوئی پرسان حال نہ ہونے کے باعث شہری صوبائی، ضلعی حکومت کے خلاف سراپا احتجاج بن گئے

ہریپور (گل جان خان سے) صوبائی حکومت عوام کو سستے آٹے کی مد میں انتہائی مضر صحت چوکھر نما آٹا کھلانے لگی، شہری مختلف جلدی امراض میں مبتلا، عوام سخت پریشان، کوئی پرسان حال نہ ہونے کے باعث شہری صوبائی، ضلعی حکومت کے خلاف سراپا احتجاج، اس ضمن میں شہری حلقوں کا کہنا کہ صوباء حکومت کی جانب سے گرین کلر تھیلہ میں جو آٹا سستے پوائنٹ کو فراہم کیا جا رہا ہے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 29)

ماہ رمضان میں زیادہ سے زیادہ عبادات پر توجہ دینی چاہئے

رمضان یہ تقاضا کرتا ہے کہ صبر تزکیہ نفس کو عام دنوں میں بھی اپنایا جائے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ماہ رمضان المبارک ہم سے یہ تقاضا کرتا ہے کہ صبر تزکیہ نفس اپنا کر عام دنوں میں بھی اپنایا جائے رمضان المبارک کے بابرکت ماہ کی برکات حاصل کرنے کے لئے ہمیں زیادہ سے زیادہ عبادات پر توجہ مرکوز رکھنا چاہئے کیونکہ اس ماہ مقدس میں ہر عبادت کا ثواب عام دنوں کی نسبت بڑھا دیا جاتا ہے ماہ رمضان کے روزے مکمل اہتمام کے ساتھ رکھے جائیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمادیا کہ روزہ میرے لئے ہے اور اس کی جزا میں خود ہوں اس سے ہمیں اندازہ ہونا چاہئے کہ اس ماہ مقدس کا کیا مقام ہے ماہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 28)

عباس ارشد قتل سے پیدا ہونے والی صورتحال کو ہلکا نہ لیا جائے

تناول میں امن امان کو برقرار رکھنے کے لئے مثبت اقدامات اٹھانا ہوں گے، سنجیدہ شخصیات

پھلڑہ (نمائندہ شمال) تناول امن امان کو برقرار رکھنے کے لئے مثبت اقدامات اٹھانا ہوں گے عباس ارشد قتل سے پیدا ہونے والی صورتحال کو ہلکا نہ لیا جائے انصاف کی فراہمی ضروری ہے حاجی ابرار حسین تنولی کی گرفتاری اور رہائی معنی خیز ہے اہل تناول کی سنجیدہ شخصیات نے حاجی ابرار حسین تنولی کی گرفتاری اور اپنے حق میں ویڈیو بیان لے کر رہائی سے عوام میں سخت تشویش پائی جانے لگی ہے اسی طرح عباس ارشد قتل پر پانچ دن (بقیہ صفحہ 3 نمبر 25)

ہری پور، خانپور میں ٹریفک حادثہ، 1 شخص زخمی

ہری پور (نمائندہ شمال) خانپور میں کھوئی ناڑہ کے قریب موٹر سائیکل اور سوزوکی بولان (کیری ڈبہ) آپس میں ٹکرا گئے حادثے کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار پولیس اہلکار 24 سالہ عمر منظور سکنہ ٹی آئی پی کالونی زخمی ہو گیا۔ ریسکیو 1122 ہری پور کی میڈیکل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 27)

ہری پور، سرائے نعمت خان میں ٹریفک حادثہ، 2 افراد زخمی

ہری پور (نمائندہ شمال) سرائے نعمت خان میں گولیاں میرا کے قریب موٹر سائیکل اور ٹویوٹا ہائی ایس آپس میں ٹکرا گئے۔ حادثے کے نتیجے میں 17 سالہ عدنان اور 18 سالہ شعیب زخمی ہو گئے۔ ریسکیو (بقیہ صفحہ 3 نمبر 26)

قانون کی بالادستی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی

پھلڑہ (نمائندہ شمال) قانون کی نظر میں سب برابر ہیں، چاہے وہ کوئی پولیس اہلکار ہو یا کسی بھی سیاسی یا سماجی جماعت سے تعلق رکھنے والا فرد۔ ضلع مانسہرہ میں قانون کی بالادستی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی اور کسی کو بھی قانون سے بالاتر تصور نہیں کیا جائے گا۔ عوام کو انصاف کے تقاضے پورے ہوتے واضح طور پر نظر آئیں گے۔ کسی بے گناہ کے ساتھ کسی قسم کی زیادتی ہرگز نہیں کی جائے گی اور کسی گنہگار کی کسی بھی سطح پر پشت پناہی نہیں کی جائے گی، خواہ اس کا تعلق پولیس فورس سے ہو یا عوام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 23)

ہائیر سیکنڈری سکول پھلڑہ کو بہتر بنانے کے لئے تمام تر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ہائیر سیکنڈری سکول پھلڑہ کو بہتر بنانے کے لئے تمام تر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تزئین و آرائش کے ساتھ ساتھ سکول کی تعلیمی حالت کو بہتر بنانا مشن ہے پرنسپل محمد اسلم تنولی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چھٹیاں ہونے کے باوجود بار بار ایبٹ آباد سے سکول میں آ کر کام کو چیک کر رہے ہیں ہماری کوشش ہے کہ 28 فروری تک سکول کا کام مکمل کر لیا جائے

سانڈے سر، محلّہ سراجیہ مانسہرہ تمام تر بنیادی سہولیات سے محروم

پانی کا شدید مسئلہ، گندگی کے ڈھیر، مکین اپنی مدد آپ کے تحت صفائی ستھرائی کا اہتمام کرتے ہیں

سانڈے سر (نمائندہ شمال) محلّہ سراجیہ مانسہرہ شہر میں ہونے کے باوجود بنیادی سہولیات سے محروم، محلّہ کے مکینوں کو پانی ہونے کے باوجود پانی نہیں دیا جاتا، گندگی کے ڈھیر، مکین اپنی مدد آپ کے تحت صفائی ستھرائی کا اہتمام کرتے ہیں اس کے باوجود گندگی کے ڈھیر موجود ہیں آخر تی ایم اے کس مرض کی دوا ہے تفصیلات کے مطابق محلّہ سراجیہ مانسہرہ کے رہائشیوں پر مشتمل ایک وفد نے گزشتہ روز نمائندہ شمال احمد خان سواتی سے ایک خصوصی ملاقات کے دوران بتایا کہ محلّہ سراجیہ کے ساتھ سرکاری اداروں نے ہمیشہ سوتیلی ماں جیسا سلوک روا رکھا ہوا ہے جس کی زندہ مثال یہ ہے کہ ہمارے محلے میں گندگی کے انبار لگے ہوئے ہیں لیکن ٹی ایم اے حکام نے کبھی اس جانب توجہ ہی نہیں دی حالانکہ محلّہ سراجیہ شہر کے وسط میں واقع ہے وفد میں شامل حاجی پرویز کا کہنا ہے کہ ہم نے تمام اداروں کی ناانصافیاں برداشت کیں لیکن اب ہمارا پانی بھی بروقت نہیں دیا جاتا جس کی وجہ سے محلّہ کے مکینوں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے وفد میں شامل محمد رفیق تک ٹاکر نے بتایا کہ ہم نے سرکاری اداروں کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 22)

کامران علی شاہ کی منڈیاں و دیگر مقامات پر دبنگ کارروائیاں

بھاری جرمانے عائد، ریٹ لسٹ سے زائد فروخت کرنے والوں کو جیل بھیج دیا گیا

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر 1 کامران علی شاہ کی منڈیاں، ایوب میڈیکل کمپلیکس، پھول گلاب اور میر پور میں گراں فروشوں کے خلاف دبنگ کارروائیاں، ریٹ لسٹ سے زائد فروخت کرنے والوں کو جیل بھیج دیا کئی دکانداروں پر بھاری جرمانے کر دیئے۔ ایبٹ آباد ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر 1 کامران علی شاہ کے چھاپے غیر معیاری اشیا اور مہنگے داموں فروخت پر کئی دوکاندار رگڑے میں آ گئے۔ منڈیاں، ایوب میڈیکل کمپلیکس، پھول گلاب روڈ میر پور میں دکانوں کی چیکنگ کی۔ ریٹ لسٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کو جیل بھیج دیا دوکانداروں کی منت ساجت بھی کام نہ آئی موصوف نے مصنوعی مہنگائی کرنے والوں کو واضح پیغام دیا ہے کہ اگر ریٹ لسٹ سے زائد فروخت جاری رہی تو بھاری جرمانے بھی ہوں گے ساتھ جیل کو بھی روانہ کریں گے ضلعی انتظامیہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 24)

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

ایڈیٹر پبلشر ایڈیٹر انچیف عبدالوحید ہزاروی

روزنامہ شمال ایبٹ آباد، مظفر آباد، سوات اور کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے

سروے۔۔گیلپ، این آر سی، آئی سی ایل

روزنامہ شمال پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

ایبٹ آباد مرکزی دفاتر

پلاٹ نمبر 6-A سال انڈسٹریز اسٹیٹ ایبٹ آباد

فون نمبرز 0992-385577 موبائل نمبر: 0314-5003149

فیکس 0992-385575,385576,385578

Email: dailyshamal1991@gmail.com Web: www.shamal.com.pk

سوات

سیدو بابا چوک مینگورہ سوات

فون نمبرز 0946-711788,711700

فیکس 0946-720452

مانسہرہ بیورو

سب آفس کشمیر روڈ پمپ چوک

0321-9338817

کراچی

امبر میڈیکل سنٹر پلازہ نزد کاظمی والا موٹرز فورجہ فلور ایم اے جناح روڈ کراچی

فون نمبرز 021-2752266,2752421

فیکس 021-2752422

Email: shamalkarachi@yahoo.com

ہری پور بیورو

محمد جاوید عباسی

ایڈریس: اسی پی آفس سرکل روڈ ہری پور

فون نمبر: 0995-612434

فیکس نمبر: 0995-612424

راولپنڈی/اسلام آباد

ندیم خان جدون

03200880105

0301-8149023 (بلیو ایریا)

0304-8761144,0993-447049 (ترنول)

مظفر آباد

عتیب جی پی او نزد ایوان صدر مظفر آباد

فون نمبر 05822-446938

فیکس 05822-446842

Email: shamalmzd2011@gmail.com

حویلیاں بیورو

سید عبدالقدوس شاہ گیلانی (نزد بلدیہ)

0992-810899

نیاز احمد چیف۔ مظہر بشیر اعوان

0997-580010,0346-6782121

0345-8574199,0987-483554

ہفتہ 03 رمضان المبارک 1447ھ 21 فروری 2026ء

ادویات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ عوام کے ساتھ ظلم یا نااہلی؟

ملک بھر میں ادویات کی قیمتوں میں حالیہ ہوشربا اضافہ عوام کے لیے ایک نئے عذاب سے کم نہیں پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پسی ہوئی قوم اب بیماری کی صورت میں بھی سکون نہیں پا رہی۔ جان بچانے والی ادویات، اینٹی بایوٹکس، دل، شوگر اور بلڈ پریشر کی دوائیں عام آدمی کی پہنچ سے دور ہوتی جا رہی ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا صحت اب صرف امیروں کا حق رہ گئی ہے؟

حکومت کی جانب سے قیمتوں میں اضافے کو ڈالر کی قدر، خام مال کی مہنگائی اور فارما کمپنیوں کے اخراجات سے جوڑا جا رہا ہے، مگر زمینی حقیقت یہ ہے کہ نگرانی کا نظام کمزور اور مفاد پرستی مضبوط دکھائی دیتی ہے۔ ڈرگ مافیا، ذخیرہ اندوزی اور مصنوعی قلت جیسے عوامل بھی اس بحران کو سنگین بنا رہے ہیں۔ کئی مقامات پر ایک ہی دوا مختلف قیمتوں پر فروخت ہو رہی ہے، جو واضح طور پر انتظامی ناکامی کا ثبوت ہے۔

ادویات کی قیمتوں میں بے قابو اضافہ نہ صرف مریضوں بلکہ پورے نظامِ صحت پر سوالیہ نشان ہے۔ غریب مریض آدھی خوراک لینے پر مجبور ہیں یا علاج ادھورا چھوڑ دیتے ہیں، جس کے نتیجے میں بیماریاں پیچیدہ ہو جاتی ہیں۔ کیا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری نہیں کہ وہ قیمتوں کا مؤثر تعین اور سخت نگرانی یقینی بنائیں؟

حکومت فوری طور پر ادویات کی قیمتوں کا ازسرِ نو جائزہ لے اور ضروری ادویات پر سبسڈی فراہم کرے۔ ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی کو فعال اور بااختیار بنایا جائے تاکہ ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کا سدباب ہو۔ میڈیکل اسٹورز کی باقاعدہ چیکنگ اور خلاف ورزی پر سخت جرمانے عائد کیے جائیں۔ سرکاری اسپتالوں میں مفت اور معیاری ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

صحت کسی بھی ریاست کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ اگر ایک بیمار شخص دوا خریدنے کی استطاعت نہ رکھے تو یہ صرف اس فرد کی نہیں بلکہ پورے معاشرے کی ناکامی ہے۔ اب وقت آ چکا ہے کہ حکومت، متعلقہ ادارے اور عدلیہ اس مسئلے کا سنجیدگی سے نوٹس لیں، ورنہ ادویات کی یہ بے لگام مہنگائی عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز کر دے گی۔

1990 سے شروع ہونے والا صحافتی سفر

فروری 1990 میں جب روزنامہ شمال کا اجرا ہوا تو شاید اس وقت کسی نے اندازہ نہیں لگایا تھا کہ یہ اخبار آنے والے برسوں میں خیبر پختونخوا بالخصوص ہزارہ ڈویژن کی مضبوط آواز بن جائے گا۔ یہ وہ دور تھا جب ملک میں سیاسی ہلچل، جمہوری تبدیلیاں اور سماجی کشمکش اپنے عروج پر تھیں۔ علاقائی صحافت کو درپیش چیلنجز بھی کم نہ تھے؛ وسائل کی کمی، جدید ٹیکنالوجی کا فقدان اور خبر کی ترسیل کے محدود ذرائع اس زمانے کی بڑی رکاوٹیں تھیں۔ ایسے ماحول میں روزنامہ شمال کا آغاز محض ایک کاروباری قدم نہیں بلکہ ایک نظریاتی اور عوامی مشن تھا، جس کا مقصد علاقے کے مسائل کو قومی دھارے میں شامل کرنا تھا۔ ابتدائی دنوں میں اخبار کا دائرہ کار محدود ضرور تھا، مگر اس کی سوچ وسیع تھی۔ ادارتی پالیسی میں سب سے اہم نکتہ یہ تھا کہ عام آدمی کی آواز کو ترجیح دی جائے۔ دیہی علاقوں کے مسائل، سڑکوں کی خستہ حالی، تعلیمی اداروں کی کمی، ہسپتالوں میں سہولیات کا فقدان، اور مقامی انتظامیہ کی کارکردگی جیسے موضوعات کو نمایاں انداز میں شائع کیا جاتا تھا۔ یہی وہ پہلو تھا جس نے جلد ہی قارئین کا اعتماد حاصل کر لیا۔ لوگ اپنے مسائل اخبار کے ذریعے متعلقہ حکام تک پہنچانے لگے اور کئی معاملات میں عملی پیش رفت بھی دیکھنے میں آئی۔ روزنامہ شمال نے صرف خبروں تک خود کو محدود نہیں رکھا بلکہ ادبی، سماجی اور ثقافتی سرگرمیوں کو بھی بھرپور جگہ دی۔ ہزارہ کی ثقافت، زبان اور روایات کو اجاگر کرنے میں اس اخبار نے اہم کردار ادا کیا۔ مقامی شعرا، ادیبوں اور کالم نگاروں کو پلیٹ فارم فراہم کیا گیا، جس سے علاقے میں ادبی شعور کو فروغ ملا۔ یہ اخبار نوجوان لکھاریوں کے لیے ایک تربیتی ادارہ ثابت ہوا، جہاں سے کئی صحافی اور کالم نگار آگے چل کر قومی سطح پر پہچانے گئے۔ سیاسی اعتبار سے بھی روزنامہ شمال نے متوازن اور ذمہ دارانہ صحافت کی مثال قائم کی۔ فروری 1990 کے بعد کے برسوں میں ملک نے کئی سیاسی اتار چڑھاؤ دیکھے، مگر اخبار نے ہمیشہ حقائق پر مبنی رپورٹنگ کو ترجیح دی۔ اختلافِ رائے کو جگہ دی گئی، مگر ذاتیات اور بے بنیاد الزامات سے گریز کیا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ مختلف سیاسی مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد بھی اس اخبار کو اعتماد کی نظر

سے دیکھتے رہے۔ ادارتی صفحات میں عوامی مسائل پر مدلل اور سنجیدہ بحث شائع کی جاتی رہی، جس سے سیاسی شعور میں اضافہ ہوا۔ ٹیکنالوجی کی ترقی کے ساتھ روزنامہ شمال نے بھی خود کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا۔ ابتدا میں روایتی طباعت کے طریقے استعمال ہوتے تھے، مگر وقت گزرنے کے ساتھ جدید پرنٹنگ مشینوں اور کمپیوٹرائزڈ سیٹنگ کا استعمال شروع ہوا۔ اس تبدیلی نے نہ صرف اخبار کی خوبصورتی میں اضافہ کیا بلکہ خبر کی تیاری اور اشاعت کے عمل کو بھی تیز تر بنایا۔ بعد ازاں ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کی طرف پیش قدمی نے اسے نئی نسل تک پہنچانے میں مدد دی، جو آن لائن خبروں کو ترجیح دیتی ہے۔ علاقائی صحافت کی سب سے بڑی طاقت اس کا زمینی حقائق سے جڑا ہونا ہے، اور روزنامہ شمال نے اس اصول کو ہمیشہ مقدم رکھا۔ رپورٹرز کو ہدایت دی جاتی رہی کہ وہ موقع پر جا کر خبر کی تصدیق کریں اور عوامی مقف کو ضرور شامل کریں۔ یہی وجہ ہے کہ اس کی شائع کردہ کئی خبریں بعد میں بڑے قومی اخبارات اور ٹی وی چینلز کا موضوع بھی بنیں۔ یوں یہ اخبار مقامی سطح سے نکل کر وسیع تر صحافتی منظرنامے کا حصہ بنتا چلا گیا۔ تعلیم کے میدان میں بھی اس اخبار نے شعور اجاگر کرنے میں کردار ادا کیا۔ امتحانی نتائج، اسکالرشپ پروگرامز، سرکاری بھرتیوں اور نوجوانوں کے لیے مواقع سے متعلق معلومات باقاعدگی سے شائع کی جاتی رہیں۔ اس سے ہزاروں طلبہ کو فائدہ پہنچا اور وہ بروقت معلومات حاصل کر کے بہتر فیصلے کرنے کے قابل ہوئے۔ اسی طرح صحت کے شعبے میں آگاہی مہمات، حفاظتی تدابیر اور وبائی امراض سے متعلق معلومات کی اشاعت نے عوامی شعور میں اضافہ کیا۔ کسی بھی اخبار کی اصل طاقت اس کا اعتماد ہوتا ہے، اور روزنامہ شمال نے یہ اعتماد برسوں کی محنت سے حاصل کیا۔ اس نے کبھی سنسنی خیزی کو ترجیح نہیں دی بلکہ ذمہ دارانہ رپورٹنگ کو اپنا شعار بنایا۔ اگرچہ بعض اوقات دباؤ اور مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑا، مگر ادارتی ٹیم نے پیشہ ورانہ اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ یہی ثابت قدمی اس کی پہچان بنی۔ فروری 1990 سے شروع ہونے والا یہ سفر محض صفحات کی اشاعت کا سفر نہیں بلکہ ایک فکری تحریک کی داستان ہے۔ یہ اخبار اپنے قارئین کے ساتھ ایک جذباتی رشتہ قائم کرنے میں کامیاب رہا ہے۔ شادی بیاہ کی تقاریب سے لے کر تعزیتی پیغامات تک، اور سیاسی جلسوں سے لے کر تعلیمی سیمینارز تک، ہر شعبہ زندگی کی نمائندگی اس کے صفحات پر ملتی ہے۔ اس جامع انداز نے اسے محض ایک خبرنامہ نہیں بلکہ سماجی تاریخ کا حصہ بنا دیا ہے۔ آج جب میڈیا کا منظرنامہ تیزی سے بدل رہا ہے اور سوشل میڈیا خبروں کا بڑا ذریعہ بن چکا ہے، ایسے میں روایتی اخبارات کے لیے اپنی ساکھ برقرار رکھنا ایک چیلنج ہے۔ مگر روزنامہ شمال نے ثابت کیا ہے کہ سچائی، توازن اور عوامی خدمت پر مبنی صحافت کبھی پرانی نہیں ہوتی۔ اگر ادارہ اپنی بنیادوں پر قائم رہے تو وقت کی تبدیلیاں اسے کمزور نہیں کرتیں بلکہ مزید مضبوط بناتی ہیں۔ اختتاماً یہ کہنا بجا ہوگا کہ فروری 1990 میں لگایا گیا یہ صحافتی پودا آج ایک تناور درخت کی صورت اختیار کر چکا ہے۔ اس کی جڑیں عوام کے اعتماد میں پیوست ہیں اور اس کی شاخیں نئی نسل تک پھیلی ہوئی ہیں۔ روزنامہ شمال کی تاریخ دراصل اس خطے کی تاریخ کا آئینہ ہے، جس میں عوامی جدوجہد، امید، مسائل اور کامیابیاں سب جھلکتی ہیں۔ اگر یہی عزم اور دیانتداری برقرار رہی تو آنے والے برسوں میں بھی یہ اخبار علاقائی صحافت کا روشن استعارہ بنا رہے گا۔

برداشت اور بغاوت کے درمیان اعتدال کا راستہ

زندگی اچانک ایسے مناظر دکھا دیتی ہے جو بظاہر عام لگتے ہیں، مگر اندر ہی اندر ایک گہرا پیغام رکھتے ہیں۔ بعض اوقات وہ چیزیں جنہیں ہم مضبوط اور محفوظ سمجھ رہے ہوتے ہیں، لمحوں میں کمزور ثابت ہو جاتی ہیں اور ہمیں رک کر اپنی زندگی کا ازسرِ نو جائزہ لینے پر مجبور کر دیتی ہیں۔ یہی لمحے دراصل انسان کی آنکھیں کھولنے کے لیے کافی ہوتے ہیں۔

جب اپنے ہی ماحول میں کسی کمی یا ٹوٹ پھوٹ کو دیکھتا ہے تو دراصل وہ اپنی ذات کے کسی کمزور پہلو سے آشنا ہو رہا ہوتا ہے۔ یہ احساس اس بات کی علامت ہوتا ہے کہ ہر سہارا دائمی نہیں اور ہر تحفظ ہمیشہ قائم نہیں رہتا۔ یہی شعور انسان کو غرور سے نکال کر حقیقت کی زمین پر لے آتا ہے۔

کسی مشکل یا نقصان کے سامنے کھڑے ہو کر اسے بغور دیکھنا اور سمجھنے کی کوشش کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ انسان جذبات کے بجائے عقل اور تدبر سے کام لینا چاہتا ہے۔ مگر زندگی ہمیشہ ہر بات فوراً واضح نہیں کرتی، اور نہ ہی ہر سوال کا جواب ایک ہی وقت میں ملتا ہے۔

اکثر انسان چاہتا ہے کہ حالات اس کے قابو میں آ جائیں، وہ سب کچھ محفوظ کر لے اور ہر پہلو کو پوری طرح سمجھ لے، مگر زندگی بعض سچائیوں کو وقت کے ساتھ کھولتی ہے۔ یہی تاخیر انسان کو صبر سکھاتی ہے اور برداشت کا ہنر عطا کرتی ہے۔

زندگی کے اندرونی گوشوں کو ٹٹولنا اور اپنی حالت پر غور کرنا ایک فطری عمل ہے، مگر کئی بار انسان چاہنے کے باوجود ہر پہلو کو مکمل طور پر نہیں دیکھ پاتا۔ یہی ادھوری سمجھ بوجھ انسان کو عاجزی سکھاتی ہے اور اسے سیکھنے کے عمل میں شامل رکھتی ہے۔

کبھی کبھی ماضی کی تھکن، پریشانیاں اور آزمائشیں انسان کے سامنے بکھری ہوئی نظر آتی ہیں۔ یہ وہ نشان ہوتے ہیں جو وقت کے ساتھ مدھم تو ہو جاتے ہیں، مگر مکمل طور پر مٹتے نہیں۔ یہ اس بات کی یاددہانی ہوتے ہیں کہ انسان پہلے بھی مشکل راستوں سے گزر چکا ہے۔

یہ حقیقت بھی سامنے آتی ہے کہ اصل آزمائشیں انسان کے دل اور نیت کو مکمل طور پر نہیں توڑ سکتیں۔ اگر اندر ایمان اور حوصلہ زندہ ہو تو بیرونی طوفان زیادہ دیرپا اثر انداز نہیں ہو پاتے۔

زندگی کا سب سے قیمتی سبق اس وقت ملتا ہے جب انسان یہ محسوس کرے کہ اصل نقصان سے اللہ نے محفوظ رکھا۔ بسا اوقات ہم چھوٹی کمیوں پر افسوس میں مبتلا ہو جاتے ہیں، جبکہ بڑی نعمتیں ہماری زندگی میں بدستور موجود

ہوتی ہیں۔

ایسے لمحوں میں دل سے شکر ادا کرنا اندرونی سکون عطا کرتا ہے۔ شکر وہ طاقت ہے جو آزمائش کو نعمت میں بدل دیتی ہے اور دل کو مایوسی سے نکال کر امید کی طرف لے جاتی ہے۔

جب اپنے ذات سے زیادہ اپنے اردگرد کے لوگوں کی سلامتی اور خیر پر مطمئن ہوتا ہے تو یہ اس کی فکری پختگی کی علامت ہوتی ہے۔ یہی سوچ انسان کو جذباتی طور پر مضبوط اور روحانی طور پر بلند کرتی ہے۔

زندگی میں بعض اوقات ایسے لوگ یا حالات داخل ہو جاتے ہیں جو ہماری اجازت کے بغیر ہماری ذاتی حدود میں مداخلت کرنے لگتے ہیں۔ یہ مداخلت بظاہر خیر کے نام پر بھی ہو سکتی ہے، مگر دل کے اندر بےچینی پیدا کر دیتی ہے۔

جب یہ مداخلت زندگی کے حساس معاملات تک پہنچ جائے تو انسان کا مضطرب ہونا فطری ہے۔ یہ اضطراب دراصل اس بات کا اشارہ ہوتا ہے کہ کہیں نہ کہیں اس کی ذاتی حدود پامال ہو رہی ہیں۔

اکثر ایسے مواقع پر انسان غصہ تو محسوس کرتا ہے، مگر بول نہیں پاتا۔ کبھی احترام، کبھی حالات اور کبھی تعلقات زبان کو روک لیتے ہیں، مگر دل کے اندر سوالات جنم لیتے رہتے ہیں۔

ہر خاموشی صبر نہیں ہوتی اور ہر برداشت دانشمندی نہیں۔ بعض اوقات اپنے حق میں بولنا ضروری ہوتا ہے، کیونکہ مسلسل خاموشی انسان کے اندر ایک ایسا بوجھ جمع کر دیتی ہے جو وقت کے ساتھ ذہنی اور جذباتی تھکن میں بدل جاتا ہے۔ درست وقت اور مناسب انداز میں بات کہنا اکثر بگاڑ کے بجائے اصلاح کا سبب بنتا ہے۔

انسان کو یہ سیکھنا پڑتا ہے کہ اپنی حدود کا تعین کرنا خودغرضی نہیں بلکہ خودتحفظ ہے۔ جو شخص اپنی حد نہیں پہچانتا، وہ دوسروں کو بھی یہ موقع دے دیتا ہے کہ وہ اس کی زندگی میں غیر ضروری مداخلت کریں۔ واضح اور مہذب انداز میں اپنی حد بتانا انسان کو ذہنی سکون عطا کرتا ہے۔

بعض آزمائشیں صرف جھنجھوڑنے کے لیے آتی ہیں تاکہ انسان کو اس کی اصل طاقت کا احساس ہو سکے۔ کئی بار چھوٹا نقصان بڑی مصیبت سے بچا بن جاتا ہے۔ یہ احساس انسان کو اندر سے مضبوط بناتا ہے اور اسے یہ یقین دلاتا ہے کہ ہر مشکل کے بعد راستہ نکل آتا ہے۔ جو شخص اندھیروں میں بھی امید کا دامن نہیں چھوڑتا، وہی حالات کو اپنے حق میں موڑنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

زندگی میں توازن پیدا کرنا، نہ حد سے زیادہ برداشت اور نہ حد سے زیادہ ردِعمل، ایک بڑی حکمت ہے جو وقت کے ساتھ سیکھنی پڑتی ہے۔ اعتدال انسان کو نہ صرف ذہنی سکون دیتا ہے بلکہ اسے باوقار بھی بناتا ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ دل میں دبی ہوئی باتیں اگر وقت پر کہہ دی جائیں تو بڑے بوجھ بننے سے بچ جاتی ہیں۔ نرمی اور سچائی کے ساتھ کیا گیا اظہار رشتوں کو کمزور نہیں بلکہ مضبوط بناتا ہے۔ وقتی حالات مستقل نہیں ہوتے، مگر انسان کا رویہ اس کے مستقبل کی بنیاد رکھتا ہے۔ جو شخص مشکل میں بھی درست رویہ اختیار کرتا ہے وہی آگے چل کر آسانیوں کا حقدار بنتا ہے۔

شکیاری روڈ مانسہرہ شہر تجاوزات کا گڑھ بن چکا ہے، عوامی حلقے

سانڈے سر (نمائندہ شمال) شکیاری روڈ مانسہرہ شہر تجاوزات کا گڑھ بن چکا ہے، عوامی حلقے۔ کاروباری حضرات نے دوکانوں کے باہر تجاوز کرتے ہوئے سامان لگا رکھے ہیں بااثر کاروباریوں کے ڈر سے ٹی ایم اے اہلکار انہیں پوچھنے کی جرات نہیں کرتے تفصیلات کے مطابق عوامی وسماجی حلقوں نے شمال کو بتایا کہ شکیاری روڈ مانسہرہ شہر میں تجاوزات کی بھرمار ہے جس کی وجہ سے آنے جانے والوں بالخصوص خواتین کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے کیونکہ فٹ پاتھوں پر کاروباری حضرات نے اپنے سامان سجا رکھے ہیں جنہیں ہٹانے کی بات تو دور کی ہے انہیں متعلقہ ادارے پوچھنے کی جرات نہیں کر سکتے البتہ متعلقہ ادارے کبھی کبھار عوام کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے لئے آپریشنز کر کے اپنی خفت مٹانے کی کوششیں کرتے رہتے ہیں مذکورہ حلقوں کا کہنا ہے کہ ایسے آپریشنز کا کیا فائدہ جن کے ہونے کے فوراً بعد وہی تجاوزات دوبارہ اپنی اپنی جگہ قائم ہو جائیں عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ شکیاری روڈ اس وقت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5 5)

بعدالت جناب سینئر سول/فیملی جج ہری پور

عنوان۔عندلیب بشیر بنام عوام الناس،

پیشی:26-2-21

عندلیب بشیر دختر بشیر احمد ساکنہ ٹی آئی پی ہاسنگ کالونی روڈ نمبر 6 ہری پور بنام عوام الناس

نوٹس بنام۔۔۔عوام الناس

مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی اطلاع یابی عام طریقہ سے ہونی مشکل قرار پائی ہے لہذا اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 21-2-26 کو حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی

دستخط حاکم/مہر عدالت

ینگ علما لیڈرشپ پروگرام 2026۔۔فکری بالیدگی اور کردار سازی کا سفر

ینگ علما لیڈرشپ پروگرام اسلام آباد 2026 کا آغاز 24 جنوری کو ہوا اور یہ تربیتی سفر 7 فروری 2026 کو بخیر وخوبی اپنے اختتام کو پہنچا۔ یہ پروگرام محض چند لیکچرز یا رسمی تربیت تک محدود نہیں تھا بلکہ فکری بالیدگی، عملی بصیرت اور کردار سازی پر مشتمل ایک جامع اور بامقصد تجربہ ثابت ہوا۔ اس کا بنیادی مقصد نوجوان علما کو عصرِ حاضر کے فکری، سماجی اور قیادی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا اور انہیں بدلتے ہوئے حالات میں مؤثر کردار ادا کرنے کے لیے تیار کرنا تھا۔ اس پورے سفر نے سوچ کو وسعت، کردار کو مضبوطی اور زندگی کو واضح سمت عطا کی اور یہ احساس اجاگر ہوا کہ زندگی کی اصل خوبصورتی خود شناسی سے شروع ہوتی ہے۔ اس تربیتی پروگرام کے دوران شرکا کو ملک کی ممتاز اور معتبر علمی وفکری شخصیات سے براہِ راست استفادہ کا موقع ملا۔ مختلف نشستوں میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سیکرٹری جنرل مولانا محمد حنیف جالندھری، اسلامی نظریاتی کونسل کے سابق چیئرمین قبلہ ایاز، معروف عالم دین مولانا زاہد الراشدی، اتالیق کے سربراہ شیخ جہانگیر محمود، وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ترجمان مولانا عبدالقدوس محمدی، لارنس کالج مری کے سابق پرنسپل بریگیڈیئر مجاہد عالم، جامعہ صفہ کراچی کے نائب مہتمم اور اسلامی نظریاتی کونسل کے ممبر مولانا مفتی محمد زہیر، وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے میڈیا کوآرڈینیٹر مولانا محمد طلحہ عثمانی، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد طیب، سابق وفاقی وزیر قانون محمد احمد بلال صوفی، تجزیہ نگار خالد رحمان، مولانا عبدالرف محمدی، ڈاکٹر فاروق احمد ڈار، ڈاکٹر محمد رضوان، حاشر زبیری، حافظ محمد ابراہیم نقشبندی، پاک ایئر کموڈور شبیر احمد، پروگرام کوآرڈینیٹر مولانا حماد عباسی، مولانا محمد وقاص سعید اور دیگر معزز اساتذہ کرام نے اپنے قیمتی تجربات اور بصیرت سے شرکا کو مستفید کیا۔ ان اساتذہ کی گفتگو

نہایت رہنمائی پر مبنی، فکر انگیز اور عملی زندگی سے جڑی ہوئی تھی۔ پروگرام کے مختلف سیشنز میں قیادت سازی، نظم وضبط، اخلاقی تربیت، دعوت وابلاغ کی حکمت، ادارہ جاتی نظم، سماجی شعور، قومی ذمہ داری اور عصرِ حاضر کے فکری و معاشرتی چیلنجز جیسے اہم موضوعات پر تفصیل سے گفتگو کی گئی۔ اساتذہ کرام نے اس بات کو واضح کیا کہ ایک عالمِ دین کا کردار صرف درس و تدریس یا منبر و محراب تک محدود نہیں بلکہ معاشرے کی رہنمائی، اصلاح اور مثبت تبدیلی بھی اس کی بنیادی ذمہ داری ہے اور یہ بھی کہ گفتگو میں شائستگی اور خاموشی کی حکمت دلوں کو جوڑتی ہے۔ اس تربیتی تجربے سے جو اسباق حاصل ہوئے وہ واقعی زندگی بدل دینے والے تھے۔ سب سے پہلے خود شناسی کا شعور اجاگر ہوا کہ جب تک انسان اپنی ذات، اپنی صلاحیتوں اور اپنی کمزوریوں کو نہیں پہچانتا وہ نہ خود درست سمت میں چل سکتا ہے اور نہ ہی دوسروں کی مؤثر رہنمائی کر سکتا ہے۔ جب انسان اپنے اندر جھانکنا سیکھ لیتا ہے تو اس کا طرزِ زندگی خود بخود سادہ، متوازن اور باوقار بن جاتا ہے۔ اسی طرح نظم وضبط اور وقت کی پابندی کی اہمیت واضح ہوئی کہ ایک داعی اور رہنما کی زندگی اگر منظم نہ ہو تو اس کی بات میں اثر باقی نہیں رہتا۔ دعوت کے حوالے سے یہ سبق بھی گہرائی کے ساتھ سمجھ میں آیا کہ دعوت محض زبان سے نہیں بلکہ کردار، اخلاق اور عمل سے دی جاتی ہے۔ لوگوں کے دلوں تک پہنچنے کا راستہ نرمی، حکمت اور حسنِ اخلاق سے ہو کر گزرتا ہے۔ یہ بات بھی واضح ہوئی کہ علم کے ساتھ اخلاق کا ہونا ناگزیر ہے کیونکہ اخلاق سے خالی علم فائدہ دینے کے بجائے نقصان کا سبب بن جاتا ہے اور دوسروں کے نقطۂ نظر کا احترام انسان کو حقیقی معنوں میں بڑا بنا دیتا ہے۔ پروگرام کے دوران یہ شعور بھی پیدا ہوا کہ علما کو ذاتی مفادات کے بجائے اجتماعی بھلائی کو مقدم رکھنا چاہیے اور معاشرتی، معاشی اور قومی مسائل پر گہری نظر رکھنی چاہیے۔ ایک عالمِ دین کا اصل مقام وہ ہے جہاں وہ معاشرے کو جوڑنے، نفرتوں کو کم کرنے اور امن وہم آہنگی کو فروغ دینے والا بنے۔ حقیقت یہی ہے کہ وہی معاشرہ ترقی کرتا ہے جہاں لوگ اپنے حقوق سے پہلے اپنے فرائض کو اہمیت دیتے ہیں کیونکہ یہی احساسِ ذمہ داری اجتماعی بھلائی کی بنیاد بنتا ہے۔ اس تربیتی سفر کا ایک نہایت اہم اور یادگار پہلو وہ بنیادی اقدار تھیں جنہیں نہ صرف سیکھا گیا بلکہ انہیں اپنی عملی زندگی میں اپنانے اور جینے کا عزم بھی کیا۔ ذمہ داری کا شعور پیدا ہوا کہ قیادت کا پہلا قدم اپنے رویوں، فیصلوں اور ان کے نتائج کی ذمہ داری قبول کرنا ہے۔ یہ سمجھ بوجھ بھی پیدا ہوئی کہ دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں استعمال کرنا اور ہر حال میں شکر گزار رہنا ایک داعی اور رہنما کی پہچان ہونی چاہیے، کمیوں پر شکوہ نہیں بلکہ موجود وسائل کا درست استعمال اصل ہنر ہے۔ یہ احساس بھی پختہ ہوا کہ سچائی اگرچہ بنیادی قدر ہے مگر سچ کو تہذیب، نرمی اور حسنِ اخلاق کے ساتھ بیان کرنا ہی دلوں پر اثر کرتا ہے۔ اختلاف کو زندگی کی حقیقت سمجھتے ہوئے دوسروں کے نقطۂ نظر کو سننا، سمجھنا اور اس کا احترام کرنا قیادت کے حسن میں اضافہ کرتا ہے۔ سننا سیکھ لینا، بولنے سے پہلے سمجھنے کی عادت ڈالنا اور ہر حال میں عاجزی اختیار کرنا وہ اوصاف ہیں جو ایک فرد کو محض کامیاب نہیں بلکہ قابلِ تقلید رہنما بناتے ہیں۔ علم کے حوالے سے یہ بات بھی دل میں اتر گئی کہ سیکھنے کا عمل کبھی ختم نہیں ہوتا۔ ایک عالم اور داعی کو چاہیے کہ وہ مسلسل سیکھتا رہے، خود کو بہتر بناتا رہے اور اپنے علم و تجربے سے دوسروں کو بھی فائدہ پہنچاتا رہے۔ ان تمام اقدار نے یہ عزم مزید مضبوط کیا کہ یہ محض تحریری نکات نہیں بلکہ ایک مکمل طرزِ زندگی ہیں جنہیں عملی زندگی میں شعوری طور پر اپنانا اور جینا ضروری ہے۔ ینگ علما لیڈرشپ پروگرام اسلام آباد 2026 ایک کامیاب، بامقصد اور اثر انگیز تربیتی تجربہ رہا جس نے سوچ کو نکھارا، کردار کو سنوارا اور زندگی کو نئی سمت عطا کی۔ یہ پروگرام بلاشبہ مستقبل کی باشعور، باکردار اور ذمہ دار دینی قیادت کی تیاری کی جانب ایک مضبوط اور امید افزا قدم ہے جس کے اثرات ان شا اللہ معاشرے میں طویل عرصے تک محسوس کیے جاتے رہیں گے۔ اللہ رب العزت ہمیں ان اقدار کو اپنی ذات میں راسخ کرنے اور عمل کے ذریعے معاشرے میں روشنی پھیلانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

رمضان المبارک میں شہریوں کی ریلیف کے لیے ضلعی حکومت ایبٹ آباد کے اقدامات

تحریر: اکرام اللہ سعید

ڈپٹی ڈائریکٹر ایجنسل انفارمیشن آفس ایبٹ آباد

رمضان المبارک کا مہینہ ایک بابرکت اور رحمتوں والا مہینہ ہے جو مسلمانوں کے لیے نیکیاں کمانے کا سُنہرا موقع فراہم کرتا ہے۔ خیبر پختونخوا حکومت کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ گورنمنٹ ایبٹ آباد نے رمضان المبارک میں کئی ایک اقدامات شروع کر دیئے ہیں تاکہ ایک طرف روزاداروں کو ریلیف فراہم کیا جاسکے اور دوسری طرف وہ مصنوعی مہنگائی سے بچ سکیں۔

حکومتِ خیبر پختونخوا کی طرف سے پورے صوبے میں 13 ارب روپے کے رمضان پیکیج کے تحت مستحق خاندانوں کو ڈیجیٹل ادائیگی کے نظام کے تحت باعزت اور شفاف طریقے سے ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے۔ اس پیکیج کے تحت ضلع ایبٹ آباد کے کل 37500 مستحق افراد کو 12500 روپے فی مستحق کے حساب سے ریلیف فراہم کرنے کے لیے ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم نے متعلقہ افسران کو ڈیجیٹل ادائیگی شفاف اور آسان طریقے سے فراہم کرنے کے لیے ہدایات جاری کر دی ہیں۔

عوام کو اشیائے ضروریہ مقررہ نرخ پر فراہم کرنے اور عوامی شکایات پر فوری کارروائی کے لیے ضلعی حکومت ایبٹ آباد نے ضلعی کنٹرول روم ڈی سی آفس میں پوری طرح فعال کر دیا ہے۔ عوام اپنی شکایات سے فون نمبر 0992-931055 اور 0335-5851233 اور وٹس ایپ نمبر پر آگاہ کر سکتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد کی ہدایات پر مختلف دُکانوں اور ہوٹلوں کا معائنہ کیا جا رہا ہے تاکہ ریٹ لسٹ کے مطابق شہریوں کو اشیائے ضروریہ فراہم کئے جاسکیں۔ ضلع ایبٹ آباد میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی زیر نگرانی گیارہ (11) مقامات پر پرائس مانیٹرنگ ڈیسک قائم کئے گئے ہیں۔ تحصیل ایبٹ آباد میں بازار ایبٹ آباد، بندکھوہ ایبٹ آباد، سبزی منڈی ایبٹ آباد، نتھیا گلی بازار، اولڈ کالج روڈ منڈیاں، سپلائی بازار، جناح آباد لنک روڈ اور قلندر آباد بازار جبکہ تحصیل حویلیاں میں حویلیاں بازار، تحصیل لوئر تناول میں شیروان بازار اور تحصیل لورہ میں لورہ بازار میں پرائس مانیٹرنگ ڈیسک قائم کئے گئے ہیں۔ ان ڈیسک پر موصول ہونی والی شکایات پر اسسٹنٹ کمشنرز اور ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر مختلف بازاروں کا معائنہ کر رہے ہیں اور گرانفروش

بقیہ 1 تصادم

کی حدود ٹانڈہ میں دو گروپوں کے درمیان پرانی دشمنی کے باعث دوبارہ تصادم کے دوران فائرنگ ، جس کے نتیجے میں ایک راہگیر جاں بحق جبکہ ایک کمسن بچہ زخمی ہو گیا۔تفصیلات کے مطابق شیر خان ولد حیات خان قوم سواتی سکنہ ٹانڈہ اور مخالف گروپ کے عادل ولد نظیر قوم سواتی سکنہ ٹانڈہ، احمد اور شیر دل پسران اسلم خان کے درمیان اچانک جھگڑا شدت اختیار کر گیا۔ دونوں اطراف سے فائرنگ کے دوران گولیاں قریب سے گزرنے والے راہگیروں کو بھی لگ گئیں۔واقعے میں طارق ولد احمد نزیر موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا، جبکہ سجاد کا کمسن بیٹا) عمر تقریبا 7/8 سال (زخمی ہو گیا جسے فوری طور پر طبی امداد کے لیے قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ذرائع کے مطابق دونوں فریقین کے درمیان یہ جھگڑا پرانی دشمنی اور قتل مقاتلہ کی وجہ سے پیش آیا۔ پولیس نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے مزید کارروائی شروع کر دی ہے اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ 2 راہ گیر قتل

جھگڑا۔فائرنگ کے نتیجے میں راہگیر قتل۔ 8 سالہ بچہ زخمی۔تفصیلات کے مطابق تھانہ بفہ کی حدود ٹانڈہ میں دو گروپوں کے درمیان سابقہ دشمنی کے باعث شیر خان ولد حیات خان قوم سواتی سکنہ ٹانڈہ اور مخالف گروپ کے عادل ولد نظیر قوم سواتی سکنہ ٹانڈہ، احمد اور شیر دل پسران اسلم خان کے درمیان اچانک جھگڑا شدت اختیار کر گیا۔ دونوں اطراف سے فائرنگ کے دوران تبادلہ میں راستے سے گزرنے والے راہگیر فائرنگ کی زد میں اگئے۔راہگیر طارق ولد احمد نزیر گولی لگنے سے موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا، جبکہ سجاد کا 08 سالہ بیٹا زخمی ہو گیا جسے فوری طور پر طبی امداد کے لیے شنکیاری ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ملزمان کی گرفتاری کے لیئے پولیس نے سرچ اپریشن شروع کر دیا ھے

بقیہ 3

بفہ کی حدود ہٹنگ بابا زیارت کے مقام پر دو گروپوں میں فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہوگئے ، ذرائع کے مطابق تھانہ بفہ کی حدود ہٹنگ بابا زیارت کے قریب دو گروپوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں دو افراد جان کی بازی ہار گئے پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی، ذرائع

بقیہ 4 فنڈز

نیشنل بنک آف پاکستان کے یونیورسٹی جی پی فنڈز اکانٹ نمبر 3139753568 سے دو کروڑ روپیہ غیر قانونی طور پر خوشحالی بنک میں ڈال دیا گیا۔ذرائع کے مطابق 2023 میں سینڈیکیٹ نے اپنا اختیار انوسٹمنٹ کمیٹی کو دیدیا تھا جس کے کنوینر یونیورسٹی ڈین سیکرٹری فنانس خیبر پختونخواہ کا نمائندہ سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا نمائندہ ہزارہ یونیورسٹی مانسہرہ کا ممبر اور AUST کا ٹریئر کمیٹی میں شامل ہیں اور یونیورسٹی کی تمام تر انوسٹمنٹ اسی کمیٹی کی منظوری سے ہوتی ہے۔یونیورسٹی کا پیسہ TDR انوسٹمنٹ کی مد میں بنکوں کو دیا جاتا ہے اور اس کا اختیار خیبر پختونخواہ یونیورسٹی ایکٹ سیکشن (e)(2)23 کے تحت سینڈیکیٹ کر سکتی ہے۔ یونیورسٹی پیسہ کی انوسٹمنٹ کا طریقہ کار بنکوں سے بند لفافوں کی شکل میں کوٹیشن لی جاتی ہے کہ کتنا نفع دیا جاتا ہے اور یہ کوٹیشنز مقررہ وقت پر شامل بنک نمائندوں کی موجودگی میں کھولی جاتیں ہیں زیادہ منافع دینے والے بنک کو طے شدہ وقت کے لئے پیسہ منتقل کر دیا جاتا ہے۔لیکن خوشحالی بنک کو جانیوالے پیسے کی منتقلی پر کمیٹی کو بائی پاس کر کے وائس چانسلر اور ٹریئر کے دستخطوں سے جاری چیکس اس اکانٹ میں ڈالے گئے ہیں جو خوشحالی بنک نے دو سال قبل یونیورسٹی انوسٹمنٹ کا پیسہ کامیاب بولی دیکر کھولا گیا تھا۔ اس سلسلے میں انوسٹمنٹ کمیٹی

بقیہ 5 اختیار

مطابق 2023 میں سینڈیکیٹ نے اپنا اختیار انوسٹمنٹ کمیٹی کو دیدیا تھا جس کے کنوینر یونیورسٹی ڈین سیکرٹری فنانس خیبر پختونخواہ کا نمائندہ سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا نمائندہ ہزارہ یونیورسٹی مانسہرہ کا ممبر اور AUST کا ٹریئر کمیٹی میں شامل ہیں اور یونیورسٹی کی تمام تر انوسٹمنٹ اسی کمیٹی کی منظوری سے ہوتی ہے۔یونیورسٹی کا پیسہ TDR انوسٹمنٹ کی مد میں بنکوں کو دیا جاتا ہے اور اس کا اختیار خیبر پختونخواہ یونیورسٹی ایکٹ سیکشن (e)(2)23 کے تحت سینڈیکیٹ کر سکتی ہے۔ یونیورسٹی پیسہ کی انوسٹمنٹ کا طریقہ کار بنکوں سے بند لفافوں کی شکل میں کوٹیشن لی جاتی ہے کہ کتنا نفع دیا جاتا ہے اور یہ کوٹیشنز مقررہ وقت پر شامل بنک نمائندوں کی موجودگی میں کھولی جاتیں ہیں زیادہ منافع دینے والے بنک کو طے شدہ وقت کے لئے پیسہ منتقل کر دیا جاتا ہے۔لیکن خوشحالی بنک کو جانیوالے پیسے کی منتقلی پر کمیٹی کو بائی پاس کر کے وائس چانسلر اور ٹریئر کے دستخطوں سے جاری چیکس اس اکانٹ میں ڈالے گئے ہیں جو خوشحالی بنک نے دو سال قبل یونیورسٹی انوسٹمنٹ کا پیسہ کامیاب بولی دیکر کھولا گیا تھا۔ اس سلسلے میں انوسٹمنٹ کمیٹی کنوینر AUST سے بات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ میرے علم میں ایسی کوئی چیز نہیں ہے اور انہوں اس تمام تر واقعہ سے لاعلمی کا اظہار کیا ۔ خوشحالی بنک میں اگر کوئی ٹرانزکشن اس طرح کی گئی ہے تو وہ غیر قانونی اور غلط ہے۔ کمیٹی ممبر ٹریئر ایبٹ آباد یونیورسٹی عتیق مظفر نے رابطہ کرنے پر کہا کہ دو کروڑ روپے 29 دسمبر کو نیشنل بنک اکانٹ جی پی فنڈ سے خوشحالی بنک ٹرانسفر ہوئے ہیں اس ٹرانسفر پر وائس چانسلر کا اختیار ہے انوسٹمنٹ کمیٹی سے اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہے لیکن موصوف وائس چانسلر کا کوئی ایسا قانون اور رول بتانے سے قاصر رہے اس کیساتھ کیساتھ فنانشل ایکسپرٹ سے رابطہ کیا تو انہوں نے ایسی ٹرانزکشن کو متعلقہ بنک کو فائدہ قرار دیا اور بتایا اگر یہ رقم انوسٹمنٹ کمیٹی کے ذریعے انوسٹ کیئے جاتے تو یونیورسٹی کو فائدہ پہنچتا۔

بقیہ 6 ہدایت

آمدیقینی بنانے کی ہدایت تفصیلات کے مطابق صوبائی حکومت احکامات اور ڈپٹی کمشنر مانسہرہ میاں عادل بہزاد کی ہدایات پر ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر (ریونیو) مظہر محمود نے گزشتہ روز سبزی و فروٹ منڈی کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران نیلامی کے عمل کی باقاعدہ نگرانی کی گئی اور اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا تا کہ سرکاری نرخوں پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جا سکے۔ افسر نے مختلف آڑھتیوں اور دکانداروں سے ملاقات کی اور انہیں ہدایت کی کہ سرکاری ریٹ لسٹ نمایاں جگہ پر آویزاں کریں اور مقررہ نرخوں سے تجاوز نہ کریں۔ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر مظیر محمود نے واضح کیا کہ منافع خوری اور اوورچارجنگ کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور خلاف ورزی کے مرتکب افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کا عمل جاری رہے گا۔

بقیہ 7 ہدایت

،سرکاری نرخوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت تفصیلات کے مطابق صوبائی حکومت احکامات اور ڈپٹی کمشنر مانسہرہ میاں عادل بہزاد کی ہدایات پر ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر (ریونیو) مظہر محمود نے گزشتہ روز سبزی وفروٹ منڈی کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران نیلامی کے عمل کی باقاعدہ نگرانی کی گئی اور اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا تا کہ سرکاری نرخوں پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جا سکے۔ افسر نے مختلف آڑھتیوں اور دکانداروں سے ملاقات کی اور انہیں ہدایت کی کہ سرکاری ریٹ لسٹ نمایاں جگہ پر آویزاں کریں اور مقررہ نرخوں سے تجاوز نہ کریں۔ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر مظیر محمود نے واضح کیا کہ منافع خوری اور اوورچارجنگ کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور خلاف ورزی کے مرتکب افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کا عمل جاری رہے گا۔

بقیہ 8 تبدیلی

تبدیلی کروائی گئی اب بار بار تبدیلی کے چکر میں صارفین کو پیکج سے محروم کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے کے پی رمضان پیکج کے سلسلے میں بیوروکریسی عوام الناس کو دیوار کیساتھ لگانے سے باز رہے بار بار رسٹوں میں تبدیلی کا ڈرامہ کر کے غریب عوام کو کے پی رمضان پیکج سے محروم نہ کیا جائے ان خیالات کا اظہار چوہدری شاہو لی سابق چیئرمین ویلیج کونسل نرالبن نائب صدر انصاف لیبر ونگ ڈسٹرکٹ مانسہرہ نے کیا

بقیہ 9 ہسپتال

افراد اور ریسکیو ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں اور زخمی کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد تشویشناک حالت میں ایبٹ آباد کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 10 شدت

یہ بحث شدت اختیار کر چکی ہے کہ کیا قانون کا شکنجہ صرف سویلینز اور عوامی مسئلے ہر آواز اٹھانے والوں کیلئے ہے؟ جتنی پھرتی آج دکھائی گئی ایسی پھرتی عوامی مسائل میں کب دکھائی جائے گی۔ چند روز قبل ایک ایس ایچ او مبینہ فائرنگ سے ایک شہری کی جان چلی گئی۔ اس ناحق قتل پر نہ تو ڈی پی او کا غصہ نظر آیا اور نہ ہی اس ایس ایچ او کی کوئی معافی نامے والی ویڈیو سامنے آئی۔ ڈی پی او کتنی عجیب بات ہے نہ اگر ایک شہری کے بیان سے امنِ عامہ خطرے میں پڑ سکتا ہے، لیکن کسی شہری پہ فائرنگ کرنا اسکو مار دینا اس سے امن و امان خطرے میں ذرا نہیں پڑتا پولیس انتظامیہ کیا میدان محشر کو بھول گئے ہیں کیا وہ نہیں جانتے ایک سرکاری ہتھیار سے ہونے والا قتل ضلع کے امن اور پولیس کے وقار کو کتنا نقصان پہنچاتا ہے صاحب اگر اسی تندہی سے اپنے ماتحت ایس ایچ او کو بھی کٹہرے میں کھڑا کرتے اور اس سے بھی اسی طرح سرِ عام معافی منگواتے، تو کیا یہ انصاف کے تقاضے پورے کرنے کے لیے زیادہ مناسب نہ ہوتا؟ اس گرفتاری سے وہ بدنما داغ دھل نہیں سکتا جو چند دن پہلے وردی پہ لگا ہے حقیقیت کی دنیا میں آئیں قصے کہانیوں واہ واہ کی دنیا سراب ہے جتنا بھاگیں گے گم ہوتے جائیں گے اسطرح کے معاملات سے سچائی چھپ نہیں جائے گی۔ بیان بازی پر معذرت کروانا آسان ہے، لیکن اپنے بیٹی بھائیوں کے جرائم پر ایکشن لینا ہی اصل مٹی کا قرض ہوتا ہے۔ مانسہرہ پولیس کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ ترازو کے دونوں پلڑے برابر ہیں۔ ضلع میں امن و امان تبھی قائم ہوگا جب قانون کی لاٹھی صرف کمزور پر نہیں بلکہ وردی پوش مجرم پر بھی اسی قوت سے برسے گی۔ محض ویڈیوز بنوا کر واہ واہ سمیٹنے سے ناحق خون کے داغ نہیں دھل سکتے

بقیہ 11 بازی

پہنچانے کی کوشش کی گئی جن میں ایک بھائی عبدالوحید راستے میں ہی دم توڑ گیا زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گیا شمس الرحمٰن نامی دوسرے بھائیوں کو شدید زخمی حالت میں ہسپتال پہنچا دیا گیا ذرائع کے مطابق حادثہ گاڑی الٹنے کے باعث پیش آیا دونوں کسی عزیز کی نماز جنازہ پر جارہے تھے بعدازاں شدید زخمی شمس الرحمٰن کو ایوب میڈیکل ہسپتال میں داخل کر دیا گیا ہے

بقیہ 12 یقینی

یقینی بنائی

بقیہ 13 نگرانی

آن لائن ای -اشاروں (E-Signals) کا ٹیسٹ اپنی نگرانی میں لیا، جس کے بعد کامیاب امیدواروں نے ٹان شپ گراونڈ میں فزیکل ڈرائیونگ ٹیسٹ دیا۔ٹیسٹ کے آغاز سے قبل ایس ایس پی ٹریفک نے امیدواروں سے خطاب کرتے ہوئے ٹریفک قوانین، روڈ سیفٹی، محفوظ ڈرائیونگ اصولوں اور ہیلمٹ کے لازمی استعمال پر زور دیا۔انہوں نے کہا: ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنا صرف ایک کارڈ لینا نہیں بلکہ ذمہ دار شہری ہونے اور قانون کی پاسداری کا عہد ہے۔انہوں نے مزید کہا: تیز رفتاری، ون ویلنگ اور اوورلوڈنگ جیسے خطرناک رجحانات سے مکمل اجتناب کریں۔ ڈرائیونگ کے دوران موبائل فون کا استعمال جان لیوا حادثات کا سبب بن سکتا ہے، لہذا اس سے گریز کریں۔ ہمیشہ سیٹ بیلٹ اور ہیلمٹ کا استعمال یقینی بنائیں، کیونکہ احتیاط ہی حفاظت کی ضمانت ہے۔ کم عمر افراد کو گاڑی یا موٹر سائیکل چلانے کی اجازت نہ دیں، یہ قانونا جرم اور انسانی جانوں کے لیے خطرہ ہے۔ایس ایس پی ٹریفک نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ٹریفک پولیس مانسہرہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور محفوظ ٹریفک نظام کے قیام کے لیے بھرپور اقدامات جاری رکھے گی۔آپ کی زندگی آپ کے پیاروں کے لیے نہایت قیمتی ہے، آپ اپنے خاندان کی امید ہیں، اس لیے ٹریفک قوانین پر عمل کریں اور اپنی و دوسروں کی حفاظت کو یقینی بنائیں۔

بقیہ 14 عبادات

عبادات و ذکر ازکار قبول فرمائے جو اس بابرکت ماہ میں بھی بغیر کسی وجہ کے بھی روزہ نہیں رکھتے یہ معصوم بچے انکے کے لیئے رب کا حکم ماننے اور صبر استقلال کے رول ماڈل ہیں

بقیہ 15 مسائل

وخاص کے لیے کھلے ہیں اور وہ بلاتفریق عوام کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاست میں آنے کا مقصد ذاتی مفاد نہیں بلکہ علاقے کی ترقی، خوشحالی اور عوام کی خدمت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حلقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ان کی اولین ترجیح ہے جبکہ صحت، تعلیم اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔سردار محمد ریاض نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے اور علاقے کے مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے۔

بقیہ 16 رمضان

غریب عوام کو ماہ رمضان میں بھی یہ مافیا گوشت نہیں کھانے دے رہا ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد صرف ان قصابوں کو قابو کریں جو ڈھڑلے سے سرکاری نرخ کی دھجیاں اڑا رہے ہیں

بقیہ 17 سیل

دوران مجموعی طور پر 273 دکانوں اور ہوٹلوں کا معائنہ کیا گیا، 10 دکانوں کے چالان کیے گئے، 12 دکانیں سیل کی گئیں جبکہ 05 افراد کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کیا گیا۔ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ ریٹ لسٹ کی خلاف ورزی، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز سخت کارروائی جاری رہے گی۔

بقیہ 18 انتظامیہ

۔حکام نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ کی ہدایات پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور روزہ داروں کو لوٹنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی، بصورت دیگر متعلقہ دکاندار کے خلاف سخت قانونی کارروائی کرتے ہوئے اسے سیدھا جیل بھیج دیا جائے گا، جبکہ عوامی حلقوں نے انتظامیہ کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ قیمتوں کو کنٹرول میں رکھنے کے لیے ایسے اقدامات کا سلسلہ تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے تا کہ لوگوں کو گران فروشی غیر معیاری اشیا سے نجات مل سکے

بقیہ 19 کینٹ

معیار فراہم کرنا ہے۔کینٹ کی حدود میں تجاوزات کے خلاف "زیرو ٹالرنس " کی پالیسی اپنائی گئی ہے اور کسی کو بھی عوامی راستوں میں رکاوٹ ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ "انہوں نے مزید کہا کہ کینٹ کو صاف ستھرا اور خوبصورت بنانا صرف ادارے کی ذمہ داری نہیں بلکہ شہریوں کا تعاون بھی اس میں کلیدی اہمیت رکھتا ہے۔ جناب عمر معصوم وزیر نے رہائشیوں سے اپیل کی کہ: وہ کینٹونمنٹ بورڈ کی ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔ گندگی پھیلانے سے گریز کریں اور کوڑا کرکٹ مخصوص جگہوں پر ڈالیں۔ایک ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے رضا کارانہ طور پر تجاوزات ختم کرنے میں مدد کریں۔ کینٹونمنٹ انتظامیہ کا عزم ہے کہ اس مہم کے ذریعے ایبٹ آباد کینٹ کو ایک ماڈل علاقہ بنایا جائے گا جہاں نظم وضبط اور صفائی کے اعلیٰ ترین معیار برقرار رہیں۔

بقیہ 20 افطاری

افطاری شاہ مقصود انٹرچینج چیک پوسٹ پر کی اس موقع پر ڈی ایس پی سٹی سعید یدون ،ایس ایچ او تھانہ سرائے صالح ساجد نواز ،انچارج چوکی شاہ مقصود اور دیگر افسران وجوان بھی موجود تھے۔ڈی پی او ہری پور نے رمضان کے دوران سحری و افطاری کے مختلف اوقات میں فرائض منصبی احسن طریقے سے سرانجام دینے والے افسران و جوانوں کو خراج تحسین پیش کیا اور ملک پاکستان کی سلامتی، شہدائے پولیس اور ضلع بھر میں امن وامان کے لئے خصوصی دعا بھی کی۔

بقیہ 21 کارروائی

رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی سے گریز کریں اور عوام کو معیاری اشیائے خوردونوش سرکاری نرخوں پر فراہم کریں۔ڈپٹی کمشنر نے شہریوں سے ملاقات کر کے اشیائے خوردونوش کی قیمتوں اور دستیابی کے بارے میں دریافت کیا اور عوام کو یقین دہانی کرائی کہ ضلعی انتظامیہ عوامی ریلیف کے لیے متحرک ہے، جبکہ شکایات کی صورت میں فوری کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 22 انتظامیہ

ناانصافیاں برداشت کرنی تھیں کرلیں اب مزید برداشت کی گنجائش نہیں رہی لہذا ہماری ضلعی انتظامیہ سے دردمندانہ استدعا ہے کہ محلّہ سراجیہ کے مکینوں کو مزید پریشان نہ کیا جائے اور نہ ہی ہمیں روڈوں پر نکلنے پر مجبور کیا جائے

بقیہ 23 پولیس

میں سے کسی بھی فرد سے۔مانسہرہ پولیس ضلع کی عوام کی جان، مال اور عزت کے تحفظ کی ضامن ہے۔شہریوں کے تحفظ، امن و امان کے قیام اور جرائم کے سدباب کے لیے اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ مزید برآں ضلع مانسہرہ میں جاری تمام مقدمات کی تفتیش کو مکمل شفافیت، انصاف اور میرٹ کی بنیاد پر پایۂ تکمیل تک پہنچایا جائے گا تا کہ حق دار کو حق مل سکے اور قانون پر عوام کا اعتماد مزید مضبوط ہو

بقیہ 24 سہراہا گیا

کی منافع خوروں کے خلاف کاروائیوں کو عوام نے شاندار الفاظ میں سہرا۔

بقیہ 25 انتظامیہ

تک انتظامیہ کی جانب سے خاموشی اور اسی طرح قاتل کو پروٹوکول کی فراہمی بہت سارے سوالات کو جنم دے رہی ہے تناول ایک پرامن علاقہ ہے اور اسی طرح انگریز کی جانب سے برصغیر میں حکومت کرنے پر تناول میں انگریز بھی ایک دن حکومت نہ کرسکا تناول آزاد ریاستوں میں رہا اور انگریز کا تسلط قبول نہ کیا آج بھی تنولی قوم کا وہی جذبہ ہے عباس ارشد تنولی کے بے گناہ قتل اور وہ بھی عوام کے جان و مال کا تحفظ کرنے والوں کے ہاتھوں ہونے سے علاقہ بھر میں سخت غم وغصہ پایا جاتا ہے حاجی ابرار حسین تنولی کی گرفتاری اور ویڈیو بیان دلانا اس سے عوام میں مزید تشویش پائی گئی ہے اسی طرح انصاف کی فراہمی میں کسی بھی موڑ پر رکاوٹ آنے پر تناول میں پکنے والا لاوا پھٹ سکتا ہے اس لئے انتظامیہ کو ہر زاویہ سے دیکھتے ہوئے عباس ارشد قتل کیس کی انکوائری شفاف طریقہ سے کرنا ہوگی

بقیہ 26 طبعی امداد

1122 ہری پور کی میڈیکل ٹیم نے زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرتے ہوئے ٹراما سینٹر منتقل کر دیا۔

بقیہ 27 ریسکیو

ٹیم نے 22 (خانپور) اسٹیشن سے موقع پر پہنچ کر زخمی کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرتے ہوئے ٹائپ ڈی ہسپتال خانپور منتقل کر دیا۔ ترجمان ریسکیو 1122 ہری پور

بقیہ 28 فرائض

رمضان میں آپ اور ہم جس شعبہ سے منسلک ہیں اپنے فرائض مکمل طور پر فرض شناسی اور دیانتداری سے پورا کرتے ہوئے اپنے روزہ کی حفاظت کرنا ہوگی

بقیہ 29 امراض

وہ انتہائی ناقص ہے جس کے استعمال سے شہری جلدی امراض میں مبتلا ہو رہے ہیں ایسا لگتا ہے کہ گرین تھیلہ میں آٹے کی بجائے چوکھر بھر دیا ہو جسے مڈل و غریب طبقہ کھانے پر مجبور ہیں عوامی حلقوں نے کہا کہ یہی چوکھر نما ٹا اگر ہریپور کے ڈی سی یا کمشنر ہزارہ کو یہی آٹا کھلایا جائے تو لگ پتہ جائے کہ کس قدر مضر صحت آٹا غریب وسادہ شہریوں کو کھلایا جا رہا ہے جو کہ سراسر انسانی جانوں سے کھیلنے کے مترادف ہے شہری حلقوں نے کہا کہ پنجاب میں نہ صرف سستا آٹا و گندم دستیاب ہے بلکہ سخت چیک اینڈ بیلنس کے باعث روٹی بھی مناسب ریٹ پر مل رہی ہے اور صوباءحکومت کے پی کے میں عوام کی مجبوریوں کا فائدہ اٹھا کر انہیں احتجاجوں کے لیے صرف روڈوں پر نکال رہی ہے

بقیہ 30 خاموش

مقرر سرکاری نرخنامے مسترد متعلقہ محکمے خاموش

بقیہ 31 گرفتار

پانچ ہزار، ایک ہزار اور پانچ سو روپے کے جعلی کرنسی سادہ لوح لوگوں کو دے جاتے تھے گزشتہ روز ایک نوسر باز کو جعلی کرنسی سمیت گرفتار کر لیا گیا

بقیہ 32 تعزیت

نذیر بنگرام ، اعجاز خان بنگرام اور دیگر معززین علاقہ نے شرکت کی اشار دخان کے بڑے بھائی شعیب خان کی وفات پر تعزیت کی اور ان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی

بقیہ 33 ریلیف

وصولی اور دیگر خلاف ورزیوں پر زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی تا کہ عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ 34 ڈیسک

پرائس مانیٹرنگ ڈیسک یا ضلعی کنٹرول روم کو بروقت فراہم کریں تا کہ فوری کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔

بقیہ 35 انچارج

مانسہرہ سے افغانی لڑکے آ کر دن بھر سجی کوٹ روڈ پر ریڑھیاں لگا رہتے ہیں ۔ ٹریفک انچارج سمیت تمام عملے نے آنکھیں بند کر رکھی ہیں جن کی لاپرواہی سے بازار منی اڈوں اور تجاوزات سے بھر چکا ہے ۔ نو پارکنگ کے بڑے بڑے سائن بورڈز کے آس پاس دن بھر گاڑیاں کھڑی رہتی ہیں ۔ ریڑھیاں ، غیر قانونی پارکنگ اور تجاوزات ہر جگہ دکھائی دیتی ہیں مگر ٹریفک پولیس کہیں نظر نہیں آتی ۔ راہگیروں کا سجی کوٹ روڈ پر گزرنا محال ہو چکا ہے جب کہ ریڑھی بانوں سے ٹماٹر پیاز کے بدلے ٹریفک پولیس نے انہیں کھلی چھوٹ دے رکھی ہے ۔ قلندر آباد کی ٹریفک پولیس صرف افسران کی آمد کے وقت بازار کلئیر کرتی ہے اس کے بعد پھر غیر قانونی پارکنگ اور ریڑھیوں کا سلسلہ چل پڑتا ہے ۔ شہریوں نے حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ٹریفک پولیس کا قبلہ سیدھا کریں تا کہ راہگیروں کو مشکلات سے نجات مل سکے

بقیہ 36 کونش ویلی

کھاتے ہوئے کونش ویلی کے بازاروں کا کاوزٹ کیا جائے

بقیہ 37 خدمت

پر چلتے ہوئے ملک اور عوام کے لیئے خدمت کے ریکارڈ قائم کیئے ہیں جو کہ ہماری دیگر سیاسی جماعتوں کے لیئے ملک اور عوام کی خدمت والی روشن سیاست کی مثال ہے۔

بقیہ 38 روڈ

کودر جانے والا روڈ جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار روڈ منجو داڑو کا منظر پیش کر رہا ہے مذکورہ روڈ پر کثیر آبادی کے لوگوں کی رہائش گاہیں ہیں اور روزانہ لوگ شنکیاری مانسہرہ اپنے ضروری کاموں کے لئے آتے ہیں روڈ کی خستہ حالی گاڑیاں درکنان روڈ پر گدھے بھی نہیں چل سکتے روڈ کی خستہ حالی منی گاڑیوں کو بھی نقصان ہو رہا ہے عرصہ دراز سے عوامی نمائندوں نے مذکورہ روڈ پر کوئی توجہ نہیں دی پارلیمانی لیڈر اور وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف سے عوام نے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ فی الفور مذکورہ روڈ کو پختہ کروایا جائے علاقہ ستھانگلی کودر بانڈہ کی عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے مریضوں کو ہسپتال لے جانے میں بھی دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

بقیہ 39 پیشرفت

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ، ضلعی افسر سوشل ویلفیئر، انچارج پی ایم آر یو اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اور اپنے اپنے شعبوں کے حوالے سے پیش رفت سے آگاہ کیا۔

بقیہ 40 صارفین

میں لاتعداد ٹیلی نار صارفین ٹیلی نار کی گھٹیا سروس سے عاجز آ چکے ہیں اپنے عزیز حقارب کو فون کرنے میں بات نہیں ہوتی اور بیلنس مفت میں ختم ہوجاتا ہے پہلے تو کال لگتی نہیں اگر لگ جائے تو ایک دوسرے کو بات سمجھ نہیں آتی کٹ کٹ کر بات ہوتی ہے عوامی سماجی حلقوں اور صارفین ٹیلی نار نے ٹیلی نار کمپنی کے اعلیٰ حکام اور دیگر ذمہ داران سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹیلی نار سروس کو فوری بہتر کیا جائے ورنہ ان علاقوں کے صارفین مکمل طور پر ٹیلی نار سروس کا بائیکاٹ کر کے کسی دوسری سروس کا انتخاب کریں گے ذمہ داران فوری طور پر علاقہ کا وزٹ کریں اور ٹیلی نار سروس کو بہتر بنانے کے لئے اور عوام کو سہولت فراہم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں

بقیہ 41 پیکیجز

چکا ہے، ایسے میں رمضان پیکیجز کی تقسیم غریب خاندانوں کے لیے ایک بڑی نعمت ہے انہوں نے حکومت اور دیگر فلاحی اداروں سے بھی مطالبہ کیا کہ رمضان المبارک کے دوران مستحق افراد کے لیے مزید سہولیات فراہم کی جائیں تا کہ کوئی بھی فرد بھوکا نہ رہےتقریب کے دوران بڑی تعداد میں مستحق خاندانوں میں راشن پیکیج تقسیم کیے گئے، جن میں آٹا، گھی، چاول، دالیں، چینی، کھجوریں اور دیگر ضروری اشیائے خورد و نوش شامل تھیں۔ مستحق افراد نے اس امداد پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے رابطہ عالم اسلامی اور مقامی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا منتظمین کا کہنا تھا کہ رمضان المبارک کے دوران ضلع ایبٹ آباد اور گردونواح کے علاقوں میں مزید راشن پیکیجز تقسیم کیے جائیں گے تا کہ زیادہ سے زیادہ ضرورت مند خاندانوں کو فائدہ پہنچایا جا سکےآخر میں مقررین نے مخیّر حضرات، تاجر برادری اور صاحبِ استطاعت افراد سے اپیل کی کہ وہ بھی رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں غریب، یتیم اور بیوہ خاندانوں کی مدد کریں اور معاشرے میں مساوات، بھائی چارے اور ہمدردی کے جذبے کو فروغ دیں۔

بقیہ 42 ڈومیسائل

اگر کسی کی ایمرجنسی ہوتی ہے تو اپروول ہونے پر ہم چھٹی والے دن بھی ڈومیسائل اپلوڈ کرتے ہیں

بقیہ 43 صدقات

بابرکت مہینے کو عبادت، تلاوتِ قرآن پاک اور خیرات وصدقات میں گزاریں تا کہ دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کی جاسکے۔

بقیہ 44 افواج

ہے ملک دشمن عناصر کو یہ سب ہضم نہ ہونے کی وجہ سے ایک ایسی سیاسی پارٹی تیار کی گئی جس کے حوالے سے 1992 میں واضح انکشافات ہو چکے تھے یہودیوں نے اسلامی ممالک کی افواج کو ختم کرنے کے لئے ایسے ہتھکنڈوں استعمال کئے پاکستانی فوج دنیا کی بہترین افواج میں سے ہے ،بیرونی ایجنڈا پر کام کرنے والوں کو منہ کی کھانا پڑی ہے اور مسلم لیگ ن پاکستان کو دوبارہ ترقی کی راہ پر گامزن کرتے ہوئے سی پیک کو مکمل کرائے گی اب یہ لوگ کوئی چورن نہ بیچ سکیں گے ملک کے وفاداروں اور ملک دشمنوں سے عوام آگاہ ہو چکی ہے

بقیہ 45 خاموش

اور محکمہ پبلک ہیلتھ مانسہرہ خاموش تماشائی بن کر رہ گیا

بقیہ 46 اضافہ

اشیاء کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے

بقیہ 47 ون ویلنگ

اور تمام اطراف کے چوکوں میں ٹریفک پولیس کی غیر موجودگی نے ون ویلنگ کرنے والوں کو شیر دل بنا دیا، اس موقع پر متاثرہ لوگوں اور ٹرانسپورٹروں نے ڈی پی او ہری پور اور ڈی ایس پی ٹریفک ہری پور سے مط

مانسہرہ ' ایم پی اے کوہستان سردار محمد ریاض میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

کے پی کے بھر میں 13 ارب روپے کا تاریخی رمضان پیکیج

مستحق خاندانوں کو براہ راست ڈیجیٹل ادائیگی نظام کے تحت معاونت کی فراہمی

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) حکومت خیبر پختونخوا کی جانب سے صوبہ بھر میں 13 ارب روپے کے تاریخی رمضان پیکیج کے تحت مستحق خاندانوں کو براہِ راست ڈیجیٹل ادائیگی کے نظام کے ذریعے باعزت اور شفاف انداز میں مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔ اسی سلسلے میں ضلع ایبٹ آباد میں رمضان پیکیج پر عملدرآمد کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع کے 37,504 مستحق افراد کو فی کس 12,500 روپے کی بروقت اور شفاف فراہمی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ ڈیجیٹل ادائیگی کے پورے عمل کو مکمل طور پر شفاف، منظم اور مستحقین کے لیے سہل بنایا جائے تاکہ کسی قسم کی شکایت یا تاخیر کی گنجائش نہ رہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مستحقین کے ڈیٹا کی درستگی، تصدیق اور مؤثر نگرانی یقینی بنائی جائے جبکہ شکایات کے فوری ازالے کے لیے فعال اور مؤثر نظام برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں مستحق خاندانوں کو بروقت مالی معاونت کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اجلاس میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 39)

سرن ویلی دیگر علاقوں میں ٹیلی نارسروس مکمل طور پر ناکام

تمباہ (نمائندہ خصوصی) سرن ویلی دیگر علاقوں میں ٹیلی نارسروس مکمل طور پر ناکام، گزشتہ کئی دنوں سے ٹیلی نارسروس نے صارفین کو اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے ذرائع کے مطابق سرن ویلی اور دیگر علاقوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 40)

یوسی سچاں کلان کے گاؤں کودر کا روڈ کھنڈرات میں تبدیل

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) یونین کونسل سچاں کلان کے گاؤں کودر کا روڈ کھنڈرات میں تبدیل عوام کو سفری مشکلات کا سامنا، عوامی نمائندوں کی مکمل چشم پوشی، کشیر آبادی والا روڈ سچاں سے بانڈہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 38)

تحصیل چیئرمین حویلیاں عزیر شیر خان کی زیر نگرانی رابطہ عالم اسلامی کی طرف سے تحصیل حویلیاں میں رمضان پیکیج تقسیم کیا جا رہا ہے

بٹل، مہنگائی نے غریب عوام کا جینا محال کر کے رکھ دیا

بٹل (نمائندہ خصوصی) آئے روز کی بڑھتی ہوئی مہنگائی نے غریب عوام کا جینا محال کر کے رکھ دیا روز مرہ استعمال ہونے والی اشیا کی قیمتوں میں گھی چینی آٹا چاول دالیں گھی مرغ سبزیاں اتنی مہنگی ہوگئی ہیں کہ غریب عوام کی قوت خرید سے باہر ہیں اور من پسند ریٹ پر فروخت جاری ہے کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں زمہ داروں سے مطالبہ ہے کہ غریب عوام کے حال پر ترس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 36)

سیاستدان قانون سازی کر کے ملک وملت کی خدمت کر سکتے ہیں

سیاستدان ملک اور عوام کی خدمت کے لیئے سرے فہرست شعبہ کی حیثیت رکھتا ہے، صلاح الدین

بجنہ (نامہ نگار) سیاست ملک اور عوام کی خدمت کے لیئے سرے فہرست شعبہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ بات سینیئر رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ صلاح الدین خان نے پاکستان اور عوام کی خدمت کے لیئے سرکاری اور دیگر شعبوں کے ساتھ بہترین خدمت والے شعبہ سیاست کو نمایاں مقام پر دیکھتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح دیگر سرکاری محکمے عوام کو سرکاری کاموں میں آسانیاں اور سائلین کو سستا اور فوری انصاف فراہم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تو اسی طرح سیاست دان ملک کے سرکاری اداروں کی کارکردگی اور ملازمین کی مالی امداد کے ساتھ دیگر مسائل کے لیئے قانون سازی کر کے ملک اور عوام کی بہتر خدمت کر سکتے ہیں۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے صدر میاں محمد نواز شریف نے قائد اعظم محمد علی جناح کی طرز سیاست (بقیہ صفحہ 3 نمبر 37)

ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم رمضان المبارک کے دوران شہر میں قائم پرائس مانیٹرنگ ڈیسک اور شکایات سیل کا دورہ کر رہے ہیں

ٹریفک پولیس وانتظامیہ کی نااہلی، بازار مسائل کا گڑھ بن گیا

قلندرآباد (نامہ نگار) ٹریفک پولیس اور انتظامیہ کی نااہلی نے بازار کو مسائل کا گڑھ بنا دیا۔ بجیکوٹ روڈ کو ریڑھی بان مافیا نے دوبارہ سبزی منڈی بنا لیا ہے۔ ٹریفک پولیس دیہاڑی لگانے میں مصروف ہے شہریوں کا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ انجمن تاجران کی جانب سے ریڑھی بانوں کو متبادل جگہ فراہم کرنے کے باوجود (بقیہ صفحہ 3 نمبر 35)

اے سی بفہ پکھل فراز قریشی کا مختلف دوکانوں کا معائنہ کیا

سرکاری احکامات کی خلاف ورزی پر 5 افراد کے خلاف متعلقہ تھانہ میں ایف آئی آر درج

مانسہرہ (چیف رپورٹر) صوبائی حکومت کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر بفہ پکھل فراز قریشی نے بفہ میں اشیائے خوردونوش کی قیمتوں اور معیار کی جانچ کے لیے مختلف دکانوں کا دورہ کیا۔ اس دوران فروٹ شاپس، کریانہ اسٹورز اور گوشت کی دکانوں کی چیکنگ کی گئی اور سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا۔ دورے کے دوران مقررہ نرخوں سے زائد قیمت پر اشیا فروخت کرنے اور سرکاری احکامات کی خلاف ورزی پر 5 افراد کے خلاف متعلقہ تھانہ میں ایف آئی آر درج کر دی گئی۔ انتظامیہ نے واضح کیا کہ مہنگے داموں اشیائے خوردونوش فروخت کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی اور عوامی ریلیف کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔



رمضان المبارک میں ضلع مانسہرہ شنکیاری میں مہنگائی کا طوفان

گراں فروشوں نے غریب روزہ داروں کو لوٹنے کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے، محکمے خاموش

شنکیاری (بیورو چیف) رمضان المبارک میں مانسہرہ شنکیاری میں مہنگائی کا طوفان آ گیا ہے گراں فروشوں نے غریب روزہ داروں کو لوٹنے کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے آٹا مہنگا دستیاب، بیس کلو آٹے کا تھیلا 3050 روپے سے 3100 سو روپے کا ہو گیا خوردنی آئل بھی مہنگا کر دیا گیا، کھجوروں کی قیمتوں میں بھی اچانک اضافہ، ڈالڈا، گھی، چاول، چینی، بیسن دیگر اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا گیا اسی طرح پھلوں اور سبزیوں کی قیمتوں میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے بڑا گوشت ہڈی والا بدستور ایک ہزار روپے کلو، قیمہ چودہ سو روپے کلو، بیمار اور لاغر جانوروں کا گوشت سرعام فروخت ہو رہا ہے کوئی پوچھنے والا نہیں ہے خالص گوشت 4500 سو روپے کلو جو کہ کباب فروشوں کو ہی دے دیا جاتا ہے چھوٹا گوشت جو کہ بھیڑ بکریوں کا ہوتا ہے اٹھارہ سو روپے کلو، پیاز سو روپے کلو، بھینڈی تین سو روپے کلو، تھوم آٹھ سو روپے کلو، ادرک سات سو روپے کلو، سیب چار سو روپے کلو سے پانچ سو روپے کلو، کیلا تین سو روپے سے دو سو روپے درجن، کنو سو روپے درجن سے دو سو روپے درجن، شکری دو سو پچاس روپے سٹرابری آٹھ سو روپے کلو امرود دو سو پچاس روپے کلو دیگر اشیاء خوردونوش بھی مہنگی کر دی گئیں کوئی پوچھنے والا نہیں ہے ایل پی جی گیس سلنڈر بھی 0 8 0 0 3 سو روپے کا کر دیا گیا ہر دکاندار کا اپنا ریٹ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 30)

شنکیاری مانسہرہ سمیت دیگر علاقوں میں نوسر باز گروپ متحرک

پانچ ہزار، ایک ہزار اور پانچ سو روپے کے جعلی نوٹوں کی بھاری رقم ضلع مانسہرہ پہنچا دی گئیں

تمباہ (نمائندہ خصوصی) شنکیاری مانسہرہ سمیت دیگر علاقوں میں نوسر باز گروپ متحرک، پانچ ہزار، ایک ہزار اور پانچ سو روپے کے جعلی نوٹوں کی بھاری رقم ضلع مانسہرہ پہنچا دی گئیں گزشتہ روز ایک نوسر باز کو رنگے ہاتھوں عوام نے پکڑ کر تھانہ شنکیاری کے حوالے کر دیا ذرائع کے مطابق ضلع مانسہرہ شنکیاری اور دیگر علاقوں میں ماہ صیام کے شروعات ہوتے ہی نوسر باز گروپ بھی میدان میں نکل آئے گزشتہ روز جعلی کرنسی جن میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 31)

محمد ارشاد خان کے بڑے بھائی شعیب خان انتقال کر گئے

نماز جنازہ خواجگان میں چار بجے ادا کی گئی، نماز جنازہ ہر مکاتب فکر کے افراد کی شرکت

مانسہرہ (چیف رپورٹر) گورنمنٹ کنٹریکٹر ایسوسی ایشن کے صدر محمد ارشاد خان کے بڑے بھائی شعیب خان انتقال کر گئے، جس کی نماز جنازہ خواجگان میں چار بجے ادا کی گئی، نماز جنازہ میں ممبر صوبائی اسمبلی ڈیڈک چیئرمین لائق محمد خان تحصیل چیئرمین مانسہرہ شیخ شفیع ممبر قومی اسمبلی شہزادہ گستاسب خان، جماعت اسلامی ہزارہ کے رہنماء کامران ریاض اعوان، علماء کرام، مقامی ناظمین، محکمہ ورکس اینڈ سروسز کے افسران مسلم لیگی رہنماء سنگین سلطان خان، کنٹریکٹر راجہ عدالت خان، اے سی ہری پور اعجاز جدون، ایکسین حافظ عمیر سہیل اقبال اعوان، شاہد تنولی، صدیق خان، نعیم شاہ، مدثر شاہ، شاہجہان شاہ بالاکوٹ، محمد آصف خان، صحافی طارق عدیل خٹکیل، خاور عباسی، محمد نعیم خان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 32)

سرکاری نرخنامے کے لئے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سخت نگرانی جاری

ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر کامران علی شاہ نے مختلف علاقوں میں بازاروں کا دورہ کر کے معائنہ کیا

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) رمضان المبارک کے دوران اشیائے خوردونوش کی سرکاری نرخنامے کے مطابق فراہمی یقینی بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سخت نگرانی جاری ہے۔ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر کامران علی شاہ نے مختلف علاقوں میں بازاروں کا دورہ کر کے معائنہ کیا اور عوامی شکایات پر موقع پر کارروائی عمل میں لائی۔ جناح آباد (لنک روڈ) میں زائد نرخ وصول کرنے پر ایک چکن شاپ کو سیل کیا گیا جبکہ موقع پر موصول ہونے والی پانچ شہری شکایات کی تصدیق کر کے ضروری کارروائی کی گئی۔ اولڈ کالج روڈ پر دو بیف شاپس کو سیل کیا گیا جہاں گوشت 1200 اور 1300 روپے فی کلو فروخت کیا جا رہا تھا۔ اس موقع پر متعدد شہری شکایات کی بھی تصدیق کی گئی اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ قلندر آباد میں بازار کا تفصیلی معائنہ کیا گیا، پرائس لسٹ پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا اور خلاف ورزیوں پر وارننگ جاری کی گئی۔ مزید برآں شکایتی ڈیسک کا معائنہ کر کے موصولہ شکایات کے ازالے کے لیے ہدایات جاری کی گئیں۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ رمضان المبارک کے دوران زائد نرخ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 33)

مین بازار، سبزی منڈی اور کچہری روڈ ایبٹ آباد کا اچانک معائنہ

کارروائی کا مقصد سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد، سات گرانفروشوں گرفتار کر لئے گئے

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) اسسٹنٹ کمشنر ایبٹ آباد افراسیاب زبیر ہندل کی زیر نگرانی پرائس مانیٹرنگ ڈیسک پر موصول ہونے والی عوامی شکایات کی بنیاد پر مین بازار، سبزی منڈی اور کچہری روڈ ایبٹ آباد کا اچانک معائنہ کیا۔ کارروائی کا مقصد سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد یقینی بنانا اور شہریوں کو ناجائز منافع خوری سے تحفظ فراہم کرنا تھا۔ معائنے کے دوران 07 گرانفروشوں کو گرفتار کر کے لاک اپ منتقل کیا گیا جبکہ سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی پر مجموعی طور پر 0 8 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اس موقع پر بازاروں میں موجود شہریوں سے بھی رائے لی گئی اور زائد نرخ وصول کرنے والے عناصر کی نشاندہی کے لیے معلومات حاصل کی گئیں تاکہ مؤثر اور بلاامتیاز کارروائی یقینی بنائی جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ ایبٹ آباد نے واضح کیا ہے کہ سرکاری نرخنامے پر سختی سے عملدرآمد جاری رکھا جائے گا اور خلاف ورزی کے مرتکب افراد کے خلاف قانونی کارروائی بلاامتیاز جاری رہے گی۔ شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ قیمتوں سے متعلق شکایات متعلقہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 34)

مانسہرہ ٹی ایم اے اہلکار محمد اقبال انکروچمنٹ آفیسر کی نگرانی مین شہر بازار کے مختلف روڈوں پر موجود غیر قانونی تجاوزات کیخلاف آپریشن کر رہے ہیں

رمضان المبارک صبر، برداشت، قربانی، ایثار اور ہمدردی کا مہینہ ہے

پاکستان بھر میں رمضان پیکجز کی تقسیم ایک قابلِ تحسین فلاحی اقدام ہے، عزیر شیر خان ودیگر

حویلیاں (نمائندہ شمال) رمضان المبارک صبر، برداشت، قربانی، ایثار اور ہمدردی کا مہینہ ہے، اس مقدس ماہ میں غریب اور مستحق افراد کا خیال رکھنا نہ صرف ایک عظیم نیکی ہے بلکہ اسلامی تعلیمات کا بنیادی حصہ بھی ہے۔ رابطہ عالم اسلامی کی جانب سے پاکستان بھر میں رمضان پیکجز کی تقسیم ایک قابلِ تحسین فلاحی اقدام ہے جو ہزاروں مستحق خاندانوں کے لیے خوشی اور سہولت کا باعث بن رہا ہیان خیالات کا اظہار چیئرمین تحصیل لوکل گورنمنٹ حویلیاں عزیر شیر خان، ممتاز سماجی رہنما سردار ماجد گل خان اور فلک ناز خان نے گورنمنٹ ڈگری کالج حویلیاں میں رمضان پیکجز کی تقسیم کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک صبر، تحمل، قربانی اور دوسروں کے درد کو سمجھنے کا درس دیتا ہے۔ اس ماہ میں خیرات، صدقات اور غریبوں کی مدد کا اجر کئی گنا بڑھ جاتا ہے، اس لیے صاحب حیثیت افراد کو چاہیے کہ وہ بڑھ چڑھ کر مستحق افراد کی معاونت کریں۔ انہوں نے کہا کہ رابطہ عالم اسلامی جیسے ادارے حقیقی معنوں میں انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں اور ان کے اقدامات معاشرے میں بھائی چارے اور ہمدردی کو فروغ دے رہے ہیں تحصیل چیئرمین عذیر شیر خان نے مزید کہا کہ موجودہ مہنگائی کے دور میں غریب اور متوسط طبقے کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل ہو (بقیہ صفحہ 3 نمبر 41)

سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس مانسہرہ بہادر خان سواتی کا ڈومیسائل برانچ کا معائنہ

پھلڑہ (نمائندہ شمال) سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس مانسہرہ بہادر خان سواتی کا ڈومیسائل برانچ کا اچانک معائنہ، شاہد سلطان اور ذیشان کی جانب سے بروقت ڈومیسائل اپلوڈ کرنے پر اظہار اطمینان، گزشتہ روز سپرنٹنڈنٹ ڈی سی آفس مانسہرہ بہادر خان سواتی نے ڈومیسائل برانچ کا اچانک معائنہ کرتے ہوئے لیب ٹاپ چیک کئے جن میں کوئی بھی ڈومیسائل ڈی سی اپرول پر پینڈنگ نہ پایا گیا اس موقع پر انہوں نے ڈومیسائل برانچ کے اہلکاروں کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ کسی بھی شخص کو آپ لوگوں کی وجہ سے ڈومیسائل حاصل کرنے میں تاخیر نہ ہونا چاہئے اس موقع پر شاہد سلطان نے ان کو بتایا کہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 42)

ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر کمران علی شاہ ماہ رمضان المبارک کے دوران مختلف اشیاء کے ریٹ چیک کر رہے ہیں

رمضان المبارک کا بابرکت مہینہ رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے

زیادہ سے زیادہ عبادت کی جائے اور اللہ تعالی کا قرب حاصل کرنے کی کوشش کی جائے، سنگین سلطان

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ میں گزشتہ روز میڈیا بریفنگ کے دوران بیرسٹر سنگین سلطان نے کہا کہ رمضان المبارک کا بابرکت مہینہ رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے اس لیے اس دوران زیادہ سے زیادہ عبادت کی جائے اور اللہ تعالی کا قرب حاصل کرنے کی کوشش کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک صبر، برداشت اور ایثار کا درس دیتا ہے لہذا ہمیں چاہیے کہ اس مقدس مہینے میں صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں اور مستحقین کی مدد کریں۔ بیرسٹر سنگین سلطان نے رمضان المبارک کی فضیلت بیان کرتے ہوئے کہا کہ اس مہینے میں کی جانے والی نیکیوں کا اجر کئی گنا بڑھا دیا جاتا ہے، اس لیے ہر ممکن حد تک نیک اعمال انجام دینے چاہئیں۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ اس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 43)

تعمیر وترقی میں مسلم لیگ ن کردار ناقابل فراموش ہے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) پاکستان کی تعمیر وترقی میں مسلم لیگ ن کردار ناقابل فراموش ہے سیاسی مخالفت کو بالائے طاق رکھتے ہوئے حقیقت سے نظریں نہیں چرانا چاہئے ممتاز سوشل ورکر اور سیاسی وسماجی شخصیت سابق کونسلر محمد اسلم جبہ الیاس نے کہا ہے کہ پاکستان کی تعمیر وترقی میں مسلم لیگ ن کا کردار ناقابل فراموش (بقیہ صفحہ 3 نمبر 44)

منڈ گراں واٹر سپلائی سکیم تباہ، لوگ پانی سے محروم ہونے لگے

پبلک ہیلتھ واٹر سپلائی سکیم منڈ گراں چھ ماہ سے لوگ پانی سے محروم ہیں

پھلڑہ (نمائندہ شمال) منڈ گراں واٹر سپلائی سکیم تباہ ہونے لگی محکمہ پبلک ہیلتھ مانسہرہ کی غفلت لوگ پانی سے محروم ہونے لگے پبلک ہیلتھ واٹر سپلائی سکیم منڈ گراں چھ ماہ سے لوگ پانی سے محروم ہیں اس سے قبل اس لائن پر تاج محمد والومین تھا جو کہ لائن کی حفاظت کرتے ہوئے علاقہ کے لوگوں کو پبلک ہیلتھ واٹر سپلائی سکیم سے پانی فراہمی کر رہا تھا چھ ماہ سے لائن کو جگہ جگہ لوگوں نے سوراخ کرتے ہوئے اہلیان منڈ گراں ٹرھکی ماندو چونتراں، ہاڑی میرا، نیوی چوک، پھلڑہ میرا کی آبادیوں کو پانی سے محروم کر دیا ہے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 45)

ہری پور، سبزیوں کی قیمتوں میں ظالمانہ ہو چکا ہے

ہری پور (بیورو رپورٹ) زرعی زمینوں پر رہائی سکیمیں بننے کے باعث سبزیوں کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہو گیا ہے، اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ جبکہ انتظامیہ نے خاموشی اختیار کی ہے۔ سبزیوں، فروٹ سمیت دیگر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 46)

حطار روڈ پر موٹر سائیکلوں پرون ویلنگ پروان چڑھنے لگی

ڈی ایس پی ٹریفک اور ڈی پی او ہری پور فوری نوٹس لیں، عوام کا مطالبہ

ہری پور (بیورو رپورٹ) حطار روڈ پر رات گئے تک اوباش نوجوانوں کی موٹر سائیکلوں پرون ویلنگ پروان چڑھنے لگی، پولیس گشت نہ ہونے، ٹریفک پولیس کی غیر موجودگی کے باعث نوجوانوں نے مصروف ترین روڈ کو بھی اپنا مسکن بنا لیا کسی بھی لمحے بڑا حادثہ رونما ہونے کا اندیشہ ہے، ڈی ایس پی ٹریفک اور ڈی پی او ہری پور فوری نوٹس لیں، ہری پور میں نوجوان اوباشوں نے چھپر روڈ کو ون ویلنگ کا مرکز بنا لیا تھا، جبکہ اسکا دائرہ کار وسیع کرتے ہوئے بائی پاس اور حطار روڈ پر کانگڑہ کالونی سے خیبر اڈے تک کی حدود میں ون ویلنگ کرنی شروع کر دی، ان حدود میں پولیس گشت نہ ہونے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 47)

پی ٹی آئی حکومت تیرہ سالوں سے عوام اور صوبہ کو تباہ کر رہی ہے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) عمران خان کی رہائی کے لئے پنجاب میں سڑکیں بند کی جائیں کے پی کے کی عوام کو مشکلات سے دوچار کر کے پی ٹی آئی اپنی ہمدردیاں کھو رہی ہے سابق کونسلر محمد اسلم تنولی جبہ الیاس نے کہا ہے کہ کے پی کے میں پی ٹی آئی کی حکومت گزشتہ تیرہ سالوں سے عوام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 48)

حطار اسٹیٹ میں لیبر لاء کی دھجیاں اڑانے کا سلسلہ جاری

8 گھنٹے ڈیوٹی کی کم اجرت فراہم کی جانے لگی، مزدور کا استحصال عروج پر

حطار (اسپیشل رپورٹر) لیبر لاء کی دھجیاں اڑانے کا سلسلہ جاری، حطار انڈسریل اسٹیٹ میں مزدود طبقے کا استحصال عروج پر پہنچ گیا، 8 گھنٹے ڈیوٹی کی کم اجرت فراہم کی جانے لگی، جبکہ اوور ٹائم کے پیسے بھی نہایت کم مقرر، مزدوروں کے حقوق کے لیئے آواز بلند کرنے والی تنظیموں اور اداروں نے چپ سادھ لی، مزدور طبقہ سراپا احتجاج، حکومت کی جانب سے مقرر کردہ اجرت کی فراہمی کا مطالبہ، باخبر ذرائع کے مطابق حطار انڈسٹریل اسٹیٹ میں متعدد فیکٹری مالکان کی جانب سے ورکروں کو ان کے کام کی مکمل اجرت فراہم نہیں کی جا رہی ہے اور ان کو زائد ڈیوٹی کی بھی نہایت کم اجرت فراہم کی جاتی ہے، محنت کش طبقہ اپنے استحصال پر مسلسل سراپا احتجاج ہے جبکہ اپنے حقوق کی آواز بلند کرنے والے مزدوروں کو ڈرایا دھمکایا جاتا ہے اور ان کو نوکری سے بھی نکال دیا جاتا ہے۔ لیبر کورٹ حطار انڈسٹریل اسٹیٹ کے مزدور طبقے کے استحصال کا نوٹس لے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 49)

گورنمنٹ کانگڑہ کالونی کے پرنسپل محمد سلیم جاوید کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر عمیر علی شیلڈ دے رہے ہیں

تعمیراتی میٹریل قیمتوں میں کمی نہ آسکی، بیروزگاری میں اضافہ

دیہاڑی لگانے والے مزدوروں کے اہل خانہ فاقہ کشی پر مجبور ہو چکے ہیں

تمباہ (نمائندہ خصوصی) تعمیراتی میٹریل کی قیمتوں میں کمی نہ آسکی جس کی وجہ سے بیروزگاری میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے دیہاڑی دار طبقے کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، دیہاڑی لگانے والے مزدوروں کے اہل خانہ فاقہ کشی پر مجبور ہیں عوامی سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ گزشتہ کئی ماہ سے تعمیراتی میٹریل مہنگا ہونے کی وجہ سے تعمیراتی کام ٹھپ ہو چکے ہیں سریا کی قیمتیں روز بروز اوپر جا رہی ہیں جبکہ سیمنٹ بجری ریت کی قیمتوں میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے غریب آدمی تو دو وقت کی روٹی پوری نہیں کر سکتا مکان بنانا تو دور کی بات ہے جو لوگ مکان بنانے کی حیثیت رکھتے ہیں یا کوئی پرائیویٹ ادارے سے تعمیراتی کام کر رہے تھے وہ بھی تعمیراتی میٹریل کے مہنگا ہونے کی وجہ سے کام نہیں کر رہے جس کی وجہ سے ملک بھر میں بیروزگاری کی شرح بڑھ چکی ہے دیہاڑی دار طبقے کو شدید مشکلات کا سامنا ہے موجودہ حکومت فوری طور پر تعمیراتی میٹریل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 51)

ماہ رمضان میں بھی غیر معیاری اشیاء فروخت ہو رہی ہیں

رمضان المبارک سے قبل دن تو سکولوں کے باہر ٹھیلوں پر غیر معیاری اشیاء فروخت کی جا رہی تھیں

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) شنکیاری کے بازاروں گلی محلوں سکولوں کے باہر اور اندر حتیٰ کہ ٹھیلوں پر بھی غیر معیاری پاپڑوں کی فروخت کے ساتھ ساتھ غیر معیاری بسکٹ ٹافیاں مہنگے داموں فروخت رمضان المبارک سے قبل فروخت ہو رہے تھے اب تو ماہ رمضان میں بازاروں میں غیر معیاری اور مضر صحت پاپڑوں اور بسکٹوں اور ٹافیوں کے استعمال سے روزانہ کئی بچے بیمار ہو کر ہسپتالوں کو جا پہنچتے ہیں غیر معیاری سویٹ ٹافیاں اور مضر صحت پاپڑ بسکٹ خرید لیتے ہیں جن کا کوئی معیار نہیں ہے بعض سکولوں میں مضر صحت سموسے بھی فروخت ہونے کا انکشاف ہوا ہے غیر معیاری پاپڑ سویٹ بسکٹ کے استعمال سے بچے مختلف بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں اور پرائیویٹ ہسپتالوں سے مہنگے داموں علاج کروانے پر مجبور ہو جاتے ہیں ضلع مانسہرہ کے مختلف مقامات پر یہ غیر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 50)

اسسٹنٹ کمشنر افراسیاب ہندل پرائس مانیٹرنگ ڈیسک پر موصول ہونے والی شکایات کی بنیاد پر مین بازار، سبزی منڈی اور کچہری روڈ ایبٹ آباد کا دورہ کر رہے ہیں

تناول میں ترقیاتی کام کرنیوالوں کو عوام خراج تحسین پیش کریگی

سیاسی جماعتوں کو ایک دوسرے سے بڑھ کر تناول کیلئے کام کرنیکی اللہ توفیق دے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) تناول میں ترقیاتی کام شروع کرنے پر عوام سیاسی جماعتوں کو خراج تحسین پیش کرے گی کیپٹن صفدر کی جانب سے منظور شدہ سڑکوں کی پیچنگی سروے کے بعد پی ٹی آئی کی جانب سے کوہ سری کوٹو رازم میں شامل کرنے کے لئے سروے کرانے پر عوامی وسماجی حلقوں نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ دونوں سیاسی جماعتوں کو ایک دوسرے سے بڑھ کر تناول میں کام کرنے کی توفیق دے اور عوام دونوں سیاسی جماعتوں کا خیر مقدم کرے گی اگر صرف سروے تک ہی دوڑ لگائی رکھی تو پھر عوام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 52)

غریب عوام اب ہڑتالوں دھرنوں کی متحمل نہیں رہی ہے

ایک دن کی ہڑتال سے غریب مزدوروں اور دیہاڑی داروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ جاتے ہیں، عوامی حلقے

سانڈے سر (نمائندہ شمال) غریب عوام اب ہڑتالوں ریلیوں اور دھرنوں کی متحمل نہیں رہی ہے، عوامی حلقے۔ ایک دن کی ہڑتال کی وجہ سے غریب مزدوروں اور دیہاڑی داروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ جاتے ہیں لیکن ہڑتال کرنے والوں کی صحت پر ذرا برابر بھی فرق نہیں پڑتا، تفصیلات کے مطابق آٹھ فروری کی سیاسی ہڑتال پر غریبوں مزدوروں اور دیہاڑی دار حلقوں نے اپنے تاثرات ریکارڈ کراتے ہوئے بتایا کہ ان آئے روز ہڑتالوں ریلیوں اور دھرنوں نے غریب عوام سے سب کچھ چھین لیا ہے خدارا اب اس غریب اور مظلوم عوام پر رحم کریں اور انہیں بخش دیں کیونکہ قیام پاکستان سے ہی غریب عوام کو حکمرانوں نے اپنے مفادات اور اقتدار کی خاطر قربان کیا لیکن اقتدار میں آتے ہی انہیں یکسر فراموش کیا مذکورہ حلقوں کا کہنا ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں سیاسی ہڑتالوں احتجاجوں اور دھرنوں سے غریب عوام کو کبھی کوئی فائدہ نہیں ہوا بلکہ الٹا نقصانات ہی اٹھانے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 53)

سود خاتمہ پر پاکستان کی معیشت سنبھل جائے گی، احمد خان

آئی ایم ایف کی ایماء پر مہنگائی کا طوفان لانے سے ہماری معیشت ابتر ہو جاتی ہے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) بجلی گیس کی قیمتوں میں اضافہ کی بجائے سود ختم کرو معیشت سنبھل جائے گی انگریز کا قانون ختم کر کے اللہ کا قانون نافذ کرنے سے زمین سونا اگلے گی سابق امیدوار حلقہ پی کے 38 احمد خان تنولی نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کے حکم پر بجلی گیس کی قیمت بڑھانے سے ہماری معیشت بہتر نہیں بلکہ ابتر ہوتی جائے گی اگر خوشحالی لانی ہے تو سود ختم کرنا ہوگا اور اسلامی جمہوریہ پاکستان میں اسلامی قانون کا نفاذ کرنا ہوگا جب اسلامی قانون نافذ ہوگا تو مفت بجلی، پٹرول، کرپشن، ظلم وستم ختم ہو جائیں گے سود وہ لعنت ہے جسے اللہ اور اس کے رسولؐ سے جنگ قرار دیا ہے سود ختم کرو معیشت سنبھل جائے گی اسی طرح اللہ تعالیٰ کی زمین پر انگریز کے قانون کی بجائے اللہ کا قانون نافذ کرنے سے یہ زمین سونا اگلے گی اور اسی طرح مختلف (بقیہ صفحہ 3 نمبر 54)